Email- info@awamilalkaar.com

MEMBER WUOJ — عوام کی بے ساختہ للکار — ABC Certified

روزنامہ — Daily Awami Lalkaar — راولپنڈی

# عوامی للکار

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت — ایڈیٹرانچیف: محمد فیصل ندیم

جلد 13 — جمعۃ المبارک 16 دسمبر، 2022ء 20 جمادی الاول 1444ھ، قیمت 20 روپے — شمارہ 218

عمران نیازی معیشت دشمن ایجنڈے سے باز آجائے، ملکی سلامتی کو کمزور کرنے کی ہر ایک مذموم سازش کو ناکام بنائیں گے، رانا ثناءاللہ

# عمران نیازی پارلیمانی نظام جمہوریت پر حملے کی تیاریاں کر رہا ہے، وزیر داخلہ

عمران خان نیازی کا پارلیمانی جمہوری نظام پر اعتماد کسی سے بھی ڈھکا چھپا نہیں ہے، یہ اپنے حصول اقتدار کیلئے کسی بھی غیر آئینی اور غیر جمہوری ہتھکنڈے کو استعمال کرنے سے باز نہیں آئیگا

**دارالحکومت اسلام آباد پر مسلحہ جتھوں کے ذریعے حملہ کرنے اور اپنے مذموم سیاسی ایجنڈے کو نافذ کرنے میں بری طرح ناکامی کے بعد عمران خان اب پارلیمانی نظام جمہوریت پر حملہ آور ہونے پر تلا ہوا ہے**

اسلام آباد (اعجاز علی ساغر سے) وفاقی وزیر داخلہ رانا ثناءاللہ نے کہا ہے کہ عمران نیازی اپنے غیر ملکی ایجنڈے پر عملدرآمد کرتے ہوئے پارلیمانی نظام جمہوریت پر حملے کی تیاریاں کر رہا ہے۔ اپنے بیان میں نہوں نے کہا کہ خبردار کرتا ہوں کہ عمران نیازی معیشت دشمن ایجنڈے سے باز آجائے، ملکی سلامتی کو کمزور کرنے کی ہر ایک مذموم سازش کو ناکام بنائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت کو بلیک میل کرنے، دارالحکومت اسلام آباد پر مسلحہ جتھوں کے ذریعے حملہ کرنے اور اپنے مذموم سیاسی ایجنڈے کو نافذ کرنے میں بری طرح ناکامی کے بعد عمران خان اب پارلیمانی نظام جمہوریت پر حملہ آور ہونے پر تلا ہوا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پارلیمانی نظام جمہوریت، قومی وصوبائی اسمبلیاں اور 1973 کا آئین وہ نظام ہے جس پر ایک مستحکم پاکستان کی بنیاد ہے۔ انہوں نے کہا کہ کسی آئینی اور قانونی جواز کے بغیر محض اپنے مذموم سیاسی مقاصد اور ملک دشمن بیرونی ایجنڈے کی تکمیل کیلئے اگر ہم نے ایک مرتبہ حملے کو کامیاب ہونے دیا تو پھر بار بار یہ عمل دہرایا جائے گا۔ وزیر داخلہ نے کہا کہ پارلیمان میں بیٹھی ہر اپوزیشن حصول اقتدار اور اپنے سیاسی ایجنڈے کے حصول کیلئے یہ حربہ آزمائے گی جس سے خدشہ ہے کہ پارلیمانی نظام جمہوری (بقیہ نمبر 1)

## پاکستانی اور افغان فورسز میں جھڑپ، افغان فورسز کی شہری آبادی پر فائرنگ، 10 زخمی

**بوغرا اور کسٹم ہاؤس کے علاقے میں آرٹلری کے متعدد گولے گرے، شہریوں کو مال روڈ، بوغرا روڈ، بائی پاس اور بارڈر روڈ خالی کرنے کی ہدایت**

چمن (این این آئی) پاک افغان بارڈر پر پاکستانی اور افغان فورسز کے درمیان جھڑپیں ہوئی ہیں جس میں خواتین سمیت 10 افراد زخمی ہوگئے۔ سکیورٹی حکام کے مطابق پاک افغان بارڈر کلی شیخ لعل محمد میں پاکستانی اور افغان بارڈر (بقیہ نمبر 4)

## وزیراعلیٰ پنجاب نے تونسہ شریف کو ضلع کا درجہ دینے کی حتمی منظوری دیدی

**ضلع بننے سے تونسہ کے انتظامی امور میں بہتری آئے گی، تعلیم، صحت اور دیگر سہولتوں میں اضافہ ہوگا' پرویز الٰہی**

لاہور (بیورو رپورٹ) وزیراعلیٰ پنجاب چودھری پرویز الٰہی کا جنوبی پنجاب کے حوالے سے ایک اور بڑا اقدام، تونسہ شریف کو ضلع کا درجہ دینے کی حتمی منظوری دے دی۔ وزیراعلیٰ پرویز الٰہی سے ڈیرہ غازی خان کے (بقیہ نمبر 3)

## امریکا میں پاکستان کے خلاف ایک تاثر پیدا کیا گیا جسے توڑنا پڑے گا، بلاول

**ایک دن میں تو سب مسائل حل نہیں ہوتے مگر پچھلے 6 سے 7 ماہ میں پاک امریکا تعلقات میں بہتری آئی ہے، وزیر خارجہ**

نیویارک (این این آئی) وزیر خارجہ بلاول بھٹو زرداری نے کہا ہے کہ امریکا میں پاکستان کے خلاف ایک پروپیگنڈا اور تاثر پیدا کیا گیا ہے، بار بار رابطوں سے اس تاثر کو توڑنا پڑے گا تاکہ تعلقات میں مزید (بقیہ نمبر 2)

مسلمانوں پر خودکش حملے کرنے والے مسلمان نہیں ہوسکتے، پاکستانی عوام کے خون کی ہر بوند کا حساب لیں گے، مجرموں کو عبرت کا نشان بنائیں گے، بیان

# پاکستانی عوام کے خون کی ہر بوند کا حساب لیں گے — شہباز شریف

**شہدا کو سلام پیش کرتے ہیں جنہوں نے وطن عزیز پر اپنی جانیں نچھاور کردیں، وزیر اعظم نے شہدا کے بلندی درجات اور اہل خانہ کے لئے صبر جمیل کی دعا کی**

اسلام آباد (محمد فیصل ندیم سے) وزیراعظم شہباز شریف نے شمالی وزیرستان کے علاقے میرانشاہ میں خودکش دھماکے کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ مسلمانوں پر خودکش حملے کرنے والے مسلمان نہیں ہوسکتے۔ اپنے بیان میں وزیراعظم نے حوالدار محمد امیر اور عام شہری کی شہادت پر افسوس، اہل خانہ سے ہمدردی کا اظہار کیا اور کہا کہ مسلمانوں پر خودکش حملے کرنے والے مسلمان نہیں ہوسکتے۔ وزیراعظم نے کہا کہ دہشت گرد دشمنوں کے دست و بازو ہیں جو پاکستان کو عدم استحکام کا شکار کرنا چاہتے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستانی عوام (بقیہ نمبر 7)

## مریم اورنگزیب کی شمالی وزیرستان کے علاقے میرانشاہ میں خودکش دھماکے کی مذمت

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) وفاقی وزیر اطلاعات مریم اورنگزیب نے شمالی وزیرستان کے علاقے میرانشاہ (بقیہ نمبر 6)

## ٹرانسجینڈر بچوں کیلئے چائلڈ پروٹیکشن یونٹ قائم کیا جائے، وفاقی شرعی عدالت

**وزارات انسانی حقوق ٹرانسجیڈر بچوں کو حقوق فراہم کرنے میں سنجیدہ نہیں ہے**

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) وفاقی شرعی عدالت نے ٹرانسجینڈر پرسن (حقوق کا تحفظ) ایکٹ 2018 کو چیلنج کرنے کی متعدد درخواستوں پر سماعت (بقیہ نمبر 5)

لاہور: صدر مملکت ڈاکٹر علوی اور وزیراعلیٰ پنجاب چوہدری پرویز الٰہی ایوان وزیراعلیٰ میں ملاقات کر رہے ہیں، مونس الٰہی بھی موجود ہیں

## وزیراعلیٰ پنجاب کا اوکاڑہ میں 3 سالہ بچی کی لاش ملنے کے واقعہ کا نوٹس

لاہور (این این آئی) وزیراعلیٰ پنجاب چودھری پرویز الٰہی نے اوکاڑہ کے علاقے طاہر کلاں میں 3 سالہ بچی کی لاش ملنے کے واقعہ کا نوٹس لیتے ہوئے آر پی (بقیہ نمبر 29)

## مسلم لیگ (ن) کی رہنما عظمیٰ بخاری نے یوٹیوب چینل بنالیا

**پراپیگنڈے کے دور میں مقابلہ کرنے کے لیے اپنا یوٹیوب چینل بنایا ہے' ٹوئٹ**

لاہور (این این آئی) مسلم لیگ (ن) پنجاب کی سیکرٹری اطلاعات عظمیٰ زاہد بخاری نے بھی اپنا یوٹیوب چینل بنا لیا۔ عظمیٰ بخاری نے اپنے ٹوئٹر اکاؤنٹ پر یوٹیوب چینل سے متعلق ٹوئٹ کرتے ہوئے لکھا کہ آج میڈیا کے میدان میں ایک نیا قدم لیا ہے اور پراپیگنڈے کے دور میں مقابلہ کرنے کے لیے اپنا یوٹیوب چینل بنایا ہے تاکہ غلط پراپیگنڈے (بقیہ نمبر 30)

اسلام آباد: سابق صدر آصف علی زرداری اور تاجکستان کے صدر امام علی رحمان کی ملاقات کے موقع پر لیا گیا گروپ فوٹو

## سپریم کورٹ نے پنجاب اور کے پی حکومت کو پولیس افسران کے تبادلوں سے روک دیا

پولیس افسران کے تبادلے ایم پی اے کے کہنے پر نہیں ہونے چاہئیں، قانون کے مطابق 3 سال سے پہلے سی پی او یا ڈی پی او کو ہٹایا نہیں جاسکتا

**سپریم کورٹ نے پنجاب حکومت کے علاوہ سندھ، بلوچستان اور خیبر پختونخوا سے بھی 10 سال میں تبدیل کیے گئے**

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) سپریم کورٹ نے پنجاب اور خیبر پختونخوا حکومت کو پولیس آرڈر 2002 پر عملدرآمد کرنے کا حکم دیتے ہوئے افسران کے تبادلوں سے روک دیا۔ جمعرات کو پولیس افسران کے سیاسی بنیادوں پر تبادلوں کے خلاف کیس کی سماعت چیف جسٹس پاکستان عمر عطا بندیال کی سربراہی میں بینچ نے کی۔ چیف جسٹس نے ریمارکس دیے کہ کیا پنجاب حکومت خود قانون پر عمل کر (بقیہ نمبر 8)

## چوہدری پرویز الٰہی عمران خان کی کال پر لبیک کہیں گے، فیاض الحسن چوہان

پاکستان کا ڈیفالٹ رسک 98 فیصد تک پہنچ چکا ھے جو کہ ہمارے دور میں صرف 5 فیصد تھا

**فوری الیکشنز اس کرپٹ مافیا سے نجات کا واحد راستہ ہے۔ ملک کی بقا اسی میں ہے کہ فری اور فوری الیکشنز کروائے جائیں**

اسلام آباد (نامہ نگار) ترجمان وزیراعلیٰ پنجاب فیاض الحسن چوہان نے پنجاب اور کے پی کے کی اسمبلیاں تحلیل کرنے پر اہم بیان دیتے ہوئے کہا کہ چوہدری پرویز الٰہی عمران خان کی کال پر لبیک کہیں گے اور سترہ تاریخ کو عمران خان پنجاب اور کے پی کے کی اسمبلیاں توڑنے کا اعلان کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ تمام پارلیمنٹیرینز عمران خان کے احکامات کے منتظر ہیں۔ اس فسطائی حکومت (بقیہ نمبر 28)

## خدمت انسانیت کا جذبہ رکھنے والا ہی ڈاکٹر بنتا ہے، ڈاکٹر یاسمین راشد

**ڈاکٹر کی خوش اخلاقی سے مریض کا آدھا مرض ختم ہوجاتا ہے**

لاہور (نمائندہ عوامی للکار) وزیر صحت پنجاب ڈاکٹر یاسمین راشد نے علامہ اقبال میڈیکل کالج کے 18ویں کانووکیشن میں بطور مہمان خصوصی شرکت کی۔ اس موقع پر پرنسپل علامہ اقبال میڈیکل کالج پروفیسر ڈاکٹر ندیم حفیظ بٹ، وائس چانسلر یونیورسٹی آف ہیلتھ سائنسز پروفیسر ڈاکٹر احسن وحید راٹھور، وائس چانسلر کنگ ایڈورڈ میڈیکل یونیورسٹی پروفیسر ڈاکٹر محمود ایاز، وائس چانسلر یونیورسٹی آف چائلڈ ہیلتھ سائنسز پروفیسر ڈاکٹر مسعود صادق، پرنسپل امیرالدین میڈیکل کالج پروفیسر ڈاکٹر سردار ظفر الفرید، پرنسپل سروسز انسٹی ٹیوٹ آف میڈیکل سائنسز پروفیسر ڈاکٹر فاروق افضل، ایم ایس جناح ہسپتال ڈاکٹر امجد، فیکلٹی ممبران اور طلباء وطالبات سمیت والدین کی کثیر تعداد نے شرکت کی۔ صوبائی وزیر صحت ڈاکٹر یاسمین راشد نے کانووکیشن کے شرکاء سے اپنے خطاب میں کہا کہ ڈاکٹر پیسے کمانے نہیں (بقیہ نمبر 9)

## پی ٹی آئی کے مستعفی ممبران کی تنخواہیں معطل ہیں اور کسی ممبر کو تنخواہ نہیں مل رہی، فواد چوہدری

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) پاکستان تحریک انصاف کے رہنما فواد چوہدری نے کہا ہے کہ پی ٹی آئی کے مستعفی ممبران کی تنخواہیں معطل ہیں اور کسی ممبر کو تنخواہ نہیں مل رہی۔ ٹوئٹر پر جاری بیان میں فواد چوہدری نے کہا کہ ہمارے کسی ممبر کو تنخواہ نہیں مل رہی، اسپیکر کو خط لکھا جا رہا ہے، وقت پوچھا ہے کہ ممبران اسمبلی اپنے استعفوں کی تصدیق کیلئے آپ کے پاس کب آئیں تاکہ ارکان اسمبلی کی (بقیہ نمبر 10)

## متنازع ٹوئٹس کیس میں گرفتار اعظم سواتی سندھ سے اسلام آباد منتقل

**سی کلاس قرار دیے جانے کے بعد تمام ایف آئی آرز اب غیر موثر ہوجائیں گی**

کراچی / اسلام آباد (این این آئی) سندھ کے پراسیکیوٹر جنرل فیض ایچ شاہ نے سندھ ہائی کورٹ کو بتایا ہے کہ سینئر فوجی حکام سے متعلق متنازع ٹوئٹس پر 27 نومبر سے گرفتار پی ٹی آئی کے سینیٹر اعظم سواتی کو اسلام آباد منتقل کر دیا گیا ہے۔ متنازع ٹوئٹ کرنے، بغاوت پر اکسانے کے مقدمات میں وفاقی تحقیقاتی ایجنسی (ایف آئی اے) نے سینیٹر (بقیہ نمبر 11)

## عوامی احتجاج کہ لہر کا فیصلہ کن مرحلہ 17 دسمبر کو ہوگا' مسرت جمشید چیمہ

**قانون بدل کر جان چھڑانے کو باعزت نہیں بے عزتی سے بری ہونا کہتے ہیں**

لاہور (نمائندہ عوامی للکار) ترجمان وزیراعلیٰ و پنجاب حکومت مسرت جمشید چیمہ نے کہا ہے کہ امپورٹڈ اور نااہل حکومت عوام کا اعتماد کھو چکی ہے، عوام اسمبلیاں تحلیل کرنے کے فیصلے پر چیئرمین عمران خان کے ساتھ کھڑی ہے۔ ٹوئٹر پر جاری اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ اس وقت تمام بحرانوں کا حل فوری اور شفاف انتخابات ہیں۔ مریم کی کنیز او (بقیہ نمبر 12)

## عالمی منڈی میں تیل کی قیمت کے اثرات، پاکستان میں پیٹرول سستا ہونے کا امکان

کراچی (این این آئی) عالمی منڈی میں خام تیل کی قیمت میں کمی کے باعث پاکستان میں پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں کمی کی جاسکتی ہے۔ انڈسٹری ذرائع کے مطابق عالمی منڈی میں خام تیل کی قیمتوں کے اثرات پاکستان میں تیل کی قیمتوں پر بھی پڑسکتے ہیں جس کے تحت فی لیٹر ڈیزل 9 روپے سستا ہونے کا تخمینہ ہے جب کہ پیٹرول کی قیمت میں بھی ساڑھے 7 روپے فی لیٹر کمی کا امکان ہے۔ ذرائع نے (بقیہ نمبر 27)

## موسمیاتی تبدیلیوں کا شاخسانہ، پاکستان میں بیضر مچھر بھی ملیریا پھیلانے لگا

**نئے مچھر کے نمونے ڈی این اے اور بلڈ ٹیسٹ کے لیے سینٹر فار ڈیزیز کنٹرول امریکا بھیجے ہیں**

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) موسمیاتی تبدیلیوں کے باعث پاکستان میں بیضر مچھر بھی ملیریا پھیلانے لگا ہے۔ ڈائریکٹریٹ آف ملیریا کنٹرول نے دعویٰ کیا کہ موسمیاتی تبدیلیوں کے باعث پاکستان میں ملیریا پھیلانے والا روایتی مچھر غائب ہوگیا ہے، پاکستان کے سیلاب زدہ علاقوں میں "اینافلیس پلچیری مس" مچھر ملیریا پھیلا رہا ہے جو پہلے یہ کام نہیں کرتا تھا۔ وفاقی ڈائریکٹر ملیریا کنٹرول ڈاکٹر محمد مختار نے کا کہ غالب امکان ہے کہ اس سال شدید گرمی، سیلاب کے باعث ہمارا ملیریا پھیلانے والا روایتی مچھر ختم ہوگیا، سیلاب زدہ علاقوں میں ملیریا 5 سے 10 گنا زیادہ تیزی سے پھیل رہا ہے۔ ڈاکٹر محمد مختار نے کہا کہ نئے مچھر کے نمونے ڈی این اے اور بلڈ ٹیسٹ کے لیے سینٹر فار ڈیزیز کنٹرول امریکا بھیجے ہیں، ملیریا کے حوالے سے نئی ڈویلپمنٹ پر امریکی اور عالمی ادارہ صحت کے حکام بھی ریسرچ کر (بقیہ نمبر 26)

## افغان صورتحال، دہشتگردی اور مسئلہ کشمیر سے خطے کو مسائل کا سامنا ہے، عارف علوی

پالیسی سازوں کو بروقت وہ فیصلے کرنے ہونگے جو ملک وقوم کے مفاد میں ہوں، فیصلہ سازی اور اس پر عملدرآمد میں تیزی لانا ہوگی

**ملک کو ترقی کی راہ پر گامزن کرنے کیلئے نئی راہیں تلاش کرنا ہوں گی، جمہوریت مضبوط ہوگی تو پاکستان مستحکم ہوگا' صدر مملکت کا خطاب**

لاہور (نمائندہ عوامی للکار) صدر مملکت ڈاکٹر عارف علوی نے کہا ہے کہ اس وقت دنیا میں نئے اتحاد وجود میں آرہے ہیں جس کیلئے ہمیں چوکنا رہنا ہوگا، ہمارے پالیسی سازوں کو بروقت وہ فیصلے کرنے ہوں گے جو ملک وقوم کے مفاد میں ہوں، اگر ہمیں دنیا کے ساتھ چلنا ہے تو فیصلہ سازی اور اس پر عملدرآمد میں تیزی لانا ہوگی، ملک کو ترقی کی راہ پر گامزن کرنے کیلئے نئی راہیں تلاش کرنا ہوں گی، ترقی یافتہ ممالک میں خواتین کو آگے بڑھنے کے بھرپور مواقع فراہم کئے جارہے ہیں، ہمیں بھی اپنی خواتین کو ملکی ترقی میں شامل کرنے کیلئے مزید کام کرنے کی ضرورت ہے، جمہوریت مضبوط ہوگی تو پاکستان مستحکم ہوگا، سیلاب میں ریلیف و بحالی کے کاموں میں پاک بحریہ کا کردار قابل تحسین ہے، مجھ سے متعلق بھی کئی جھوٹیں باتیں چلیں، ایک صاحب نے کہہ دیا مذاکرات میں ایک یہ مطالبہ رکھا گیا ہے کہ عمران خان کے (بقیہ نمبر 13)

## مینوفیکچرنگ سیکٹر کیٹیگری میں سب سے زیادہ قومی ٹیکس ادا کرنے والی کمپنی قرار

کمپنی سیکرٹری ایف ایف سی، بریگیڈیئر (ریٹائرڈ) عسرت محمود، ستارہ امتیاز (ملٹری) نے ایوارڈ وصول کیا

**ایف ایف سی کو مسلسل دوسرے سال مینوفیکچرنگ سیکٹر میں سب سے بڑا قومی ٹیکس ادا کرنے والا ادارہ قرار دیا گیا ہے**

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) ایف ایف سی مینوفیکچرنگ سیکٹر کیٹیگری میں سب سے زیادہ قومی ٹیکس ادا کرنے والی کمپنی قرار فوجی فرٹیلائزر کمپنی لمیٹڈ) ایف ایف سی (کوراولپنڈی چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری (RCCI) کے زیر اہتمام "ٹیکس پیئر ریکگنیشن ایوارڈز 2022" (Tax payer Recognition Awards 2022) میں سال 2022 کے لیے مینوفیکچرنگ سیکٹر کیٹیگری میں سے سب سے زیادہ قومی ٹیکس ادا کرنے قومی ٹیکس ادا کرنے والی کمپنی قرار دیا گیا اور ایوارڈ سے نوازا گیا ہے۔ اس تقریب میں مختلف ملٹی نیشنل اور کارپوریٹ بلیو چپ کمپنیوں کے نمائندوں نے شرکت کی۔ یہ ایوارڈ اسلامی جمہوریہ پاکستان کے صدر محترم عارف علوی نے ایوان صدر میں منعقدہ ایک تقریب میں پیش کیا۔ کمپنی سیکرٹری ایف ایف سی، بریگیڈیئر (ریٹائرڈ) (عسرت محمود، ستارہ امتیاز) ملٹری ((بقیہ نمبر 25)

مینوفیکچرنگ سیکٹر کیٹیگری میں سے سب سے زیادہ قومی ٹیکس ادا کرنے قومی ٹیکس ادا کرنے والی کمپنی قرار دیا گیا اور ایوارڈ سے نوازا گیا ہے

لاہور: نوید حیدر شیرازی مختلف اضلاع میں جاری ترقیاتی سکیموں کے جائزہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

## ایروپونک ٹیکنالوجی منصوبے کے ذریعے پاکستان آلو کے بیج میں خود کفالت حاصل کرسکتا ہے، طارق بشیر چیمہ

**ایروپونکس سرنگ 290,000 ڈالر کی لاگت سے صرف چھتیس دن کی مختصر مدت میں تیار کی گئی، کوریا کے سفیر سوسنگ پیو**

**پاکستان آلو کے بیجوں کی درآمد پر سالانہ آٹھ ارب روپے خرچ کرتا ہے، چیئرمین PARC ڈاکٹر غلام محمد علی**

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) کوریا کے کوپروگرام آن انٹرنیشنل ایگریکلچرل (کوپیا) کے تعاون سے قومی زرعی تحقیقاتی مرکز اسلام آباد میں آلو کے بیج کی جدید ترین ٹیکنالوجی ایروپونکس سے اگانے کے منصوبے کا افتتاح وفاقی وزیر برائے نیشنل فوڈ سکیورٹی طارق بشیر چیمہ نے کوریا کے سفیر جناب سوسنگ پیو اور چیئرمین پی اے آر سی ڈاکٹر غلام محمد علی کے ہمراہ کیا۔ اس موقع پر وفاقی وزیر برائے نیشنل فوڈ سکیورٹی طارق بشیر چیمہ نے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ رواں برس شدید بارشوں اور سیلاب سے پاکستان کی زراعت کو 30 ارب ڈالر کا نقصان پہنچا ہے، زراعت پاکستان میں خوشحالی کی ضامن ہے، وفاقی وزیر طارق بشیر چیمہ کا کہنا تھا کہ حکومت پاکستان ایروپونکس ٹیکنالوجی کی پاکستان منتقلی اور سائنس دانوں کی تربیت پر کوریا حکومت کی شکرگزار ہیں۔ زراعت پاکستان میں خوشحالی کی ضامن ہے تاہم پاکستان میں زراعت کو کوالٹی بیجوں کی فراہمی اور موسمیاتی تبدیلیوں جیسے مسائل کا سامنا ہے۔ وفاقی وزیر کا کہنا تھا کہ آلو پاکستان کی چوتھی اہم اور نقد آور فصل ہے تاہم اعلی معیار کے بیج نہ ہونے کی وجہ سے پیداوار میں کمی جیسے مسائل کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔ پاکستان میں تین لاکھ ہیکٹر رقبہ پر آلو کاشت ہوتا ہے جبکہ پاکستان میں ہر (بقیہ نمبر 16)

کوریا کے کوپروگرام آن انٹرنیشنل ایگریکلچرل (کوپیا) کے تعاون سے قومی زرعی تحقیقاتی مرکز اسلام آباد میں آلو کے بیج کی جدید ترین ٹیکنالوجی ایروپونکس سے اگانے کے منصوبے کا افتتاح وفاقی وزیر برائے نیشنل فوڈ سکیورٹی طارق بشیر چیمہ نے کوریا کے سفیر جناب سوسنگ پیو اور چیئرمین پی اے آر سی ڈاکٹر غلام محمد علی کے ہمراہ کیا

## پولیس نے قحبہ خانے پر ریڈ کر کے چار مرد و خواتین کو گرفتار کرلیا

رائے ونڈ (این این آئی) پولیس نے قحبہ خانے پر ریڈ کر کے چار مرد و خواتین کو گرفتار کرلیا۔ منج ٹاؤن مانگا منڈی پولیس نے لیڈی کانسٹیبل کے ساتھ بدنام زمانہ سمیاں (بقیہ نمبر 18)

## پاکستانی ناظم الامور سکیورٹی یقین دہانی تک افغانستان نہیں جائیں گے، دفتر خارجہ

**پاکستانی سفارت خانے اور سفارتی عملے کی حفاظت یقینی بنائی جائے**

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) ترجمان دفتر خارجہ نے کہا ہے کہ پاکستانی ناظم الامور سکیورٹی کی یقین دہانی ہونے تک افغانستان نہیں جائیں گے، چمن واقعے پر پاک افغان حکام رابطے میں ہیں، ہم چاہتے ہیں پاکستانی سفارت خانے اور سفارتی عملے (بقیہ نمبر 17)

## 6 ماہ بعد انتخابات ہونے ہیں، صوبے میں گورنر راج نافذ نہیں کرنا چاہتا، گورنر کے پی

**گورنر خیبر پختونخوا غلام علی کا وزیراعلیٰ پنجاب چوہدری پرویز الٰہی کو ٹیلی فون، ملک کی سیاسی صورتحال پر گفتگو**

پشاور (نمائندہ عوامی للکار) گورنر خیبر پختونخوا غلام علی نے کہا ہے کہ 6 ماہ بعد ملک میں انتخابات ہونے ہیں لہٰذا صوبے میں گورنر راج نافذ نہیں کرنا چاہتا۔ گورنر خیبر پختونخوا غلام علی نے وزیراعلیٰ پنجاب چوہدری پرویز الٰہی کو ٹیلی فون کیا جس دوران ملک (بقیہ نمبر 20)

## ملک پر کرپٹ اشرافیہ قابض رہے گی یا عوام کی حکمرانی چلے گی، عمر سرفراز چیمہ

پی ڈی ایم میں تھوڑی سی بھی جمہوریت ہوتی تو فورا نئے انتخابات کی راہ ہموار کرتے' مشیر داخلہ واطلاعات پنجاب

**پی ڈی ایم کی کرپٹ جماعتوں کا سیاسی جنازہ بڑی دھوم دھام سے نکلنے والا ہے**

لاہور (نمائندہ عوامی للکار) مشیر داخلہ و اطلاعات پنجاب عمر سرفراز چیمہ نے کہا ہے کہ ملک پر کرپٹ اشرافیہ قابض رہے گی یا عوام کی حکمرانی چلے گی، فیصلے کی گھڑی آن پہنچی ہے، پی ڈی ایم میں تھوڑی سی بھی جمہوریت ہوتی تو فورا نئے انتخابات کی راہ ہموار کرتے۔ انہوں نے اپنے ایک بیان میں کہا کہ پی ڈی ایم کی تمام جماعتیں ایک انتخابی نشان پر الیکشن لڑلیں عوام بھی اب انہیں ایک ہی سمجھتے ہیں، ملکی سیاست فیصلہ کن مرحلے میں داخل ہوچکی ہے، ملک پر کرپٹ اشرافیہ قابض رہے گی یا عوام کی حکمرانی چلے گی، فیصلے کی گھڑی آن پہنچی ہے۔ سازش سے عمران خان کی حکومت گرانے کے بعد جتنے بھی انتخابات ہوئے قوم نے اپنا فیصلہ بتا دیا۔ عمر سرفراز چیمہ نے کہا کہ پی ڈی ایم میں تھوڑی سی بھی جمہوریت ہوتی تو فوراً نئے انتخابات کی راہ ہموار کرتے۔ پوری قوم عمران خان کی پشت پر کھڑی ہے۔ محلاتی (بقیہ نمبر 19)

عوام کی بے ساختہ للکار
روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی
عوامی للکار

# ایڈیٹوریل پیج

ایڈیٹوریل ایڈیٹر
روبینہ فیصل

## 16 دسمبر 1971

آیئے ہرسال کی طرح امسال بھی حسب روایات 16 دسمبر کو 1971 کی یاد کچھ اس طرح تازہ کریں کہ چندمنٹ پاک فوج کے شہداؤں کو خراج تحسین پیش کرنے میں لگائیں اور بقیہ اوقات بھارتی حکومت کی پاکستان دشمنی پر راگ آلاپیں، بھارتی لے پالک مکتی باہنی کی انسانیت سوز مظالم کا نقشہ کھینچیں مگر دھیان رہے کہ جس پر ظلم ہوا انکی نشاندہی سے پرہیز کیا جائے کیونکہ ہم احسان فراموش جتھے کا حصہ ہیں، میرے لفظ جتھے پر حیرت کا اظہار مت کیجئے گا کیونکہ قیام پاکستان سے تاحال ہم ایک قوم نہیں بن سکے ہیں اس پرطرہ امتیاز یہ کہ ہم ہمیشہ وطنیت کوفروغ دینے والوں کو کچلتے اور دباتے آئے ہیں جس میں دیگر کی طرح وہ شہداء وغازیوں کی تسلسل فہرست ہیں جوتمام تر دنیاوی مفادات کو ٹھکرا کر دوقومی نظریئے کو ثبوتاثر کرنے والوں کے سامنے ڈٹ گئے، اپنا مال لٹایا، جان لٹائی، گردنیں کٹوائی، اپنی ماؤں، بہنوں کی چادریں چھنوائی، معصوم نونہالوں کو نوکیں نیزہ پر بلند ہوتے دیکھا، جوانوں کی چھلنی سینا، بوڑھوں کی ادھڑی لاشیں دیکھیں مگر پاک افواج کو بچانے کیلئے ڈھال بنے رہے، وائے افسوس کہ تاہمارے اسپوک پرسن اقوام عالمسیت اپنے ملک میں بھی ان محسنوں اور انکے لواحقین و متعلقین پر ظلم بپا کرنے والوں کیخلاف گواہی دینے سے کتراتے رہے ہیں، اوراحسان فراموشی کا یہ عالم ہے کہ ان کے نام پر ملک کے اندر بھی ان ضمیر کے قیدیوں کو خراج تحسین پیش کرنے کی کوشش کرنے والوں پر کھلے عام یادگاری نشست کے انتظامات پر بھی قدغن لگائی گئی، ماسوائے چند مخصوص مجالس کی اجازت دی جاتی رہی ہے وہ بھی اس شرط پر کہ محدود پیانے پر مخصوص پیرائے پر مبنی شب غم منائیں کیونکہ بقول شخصے ?''ہمارے بڑوں کی بے عزتی کو بڑھاوا ملتا ہے'' یادرہے کہ عام زندگی میں بھی وہ گھرانہ کبھی ترقی نہیں کرپاتا جو اپنی خامیوں اور کمزوریوں پر ماضی سے سبق نہ حاصل کرلے اسی لئے خاندان کا بزرگ یا باشعور وباخبر افراد اپنے بچوں کو جہاں دیگر کامیابی کا ہنر سیکھاتے ہیں وقفے وقفے سے اپنے بچوں کو خاندان کی سابقہ ناکامیوں کے محرکات سے بھی آگاہی فراہم کرتا ہے اور مستقبل قریب راہ میں پیش آنے والی رکاٹوں سے نہ صرف آشنا کرتے ہیں بلکہ سابقہ کوتاہیوں، خامیو وکمزوریوں کی وجوہات پر روشنی ڈالتے ہیں اوراس عمل کو بار دھرانے میں خاندان کی سبکی نہیں محسوس کرتے ہیں، اسی طرح ماضی سے سبق لینے کے لئے اقوام عالم بھی وقفے وقفے سے اپنی قوم کی سابقہ خامیوں، کوتاہیوں، کمزوریوں سے اپنے جوانوں اور بچوں کو آگاہ کرتی ہے تاکہ انکا مستقبل محفوظ ہوجائے، وہ دوست ودشمن میں تمیز کرسکیں، اپنے محسنوں کو خراج تحسین پیش کرسکیں، قربانی دینے والوں کی روح کو ایصال ثواب پہنچاسکیں لیکن ہمارے یہاں الٹا گنگا بہتا ہے ہمیں بتایا جاتا ہے کہ ملک کو صرف وردی پوش بچاتے آئے ہیں جتنے بھی شہداء نے ملک پر جان نچھاور کی ہے سب کے سب وردی پوش تھے یہی وجہ ہے کہ آج بھینگلہ دیش میں مکتی باہنی کے ہاتھوں شہید ہونے والے ڈھائی لاکھ سے زائد شہدائے مشرقی پاکستان کو کبھی بھی سرکاری سطح پر کھلے لفظوں میں خراج تحسین پیش کرنے سے اجتناب کیا گیا جس کے نتیجے میں آج بغیر وردی پوش غازیوں اور شہداؤں کو معاشرے میں نمایاں مقام دینے سے کنی کترائی گئی انکے لواحقین و متعلقین کو معاشرے میں ذلیل ورسوا ہونے کے لئے چھوڑ دیا گیا، بار بار شہداء کے بیٹوں، بیٹیوں اور دیگر متعلقین سے وطن کا خانہ پُر کرنے سے قبل شہید باپ دادا کے وطن کے خانے پر محدب عدسہ استعمال میں لانے کے خلاف کوئی قانونی کاروائی عمل میں نہیں لائی گئی، جبکہ قوم کے پیٹھ میں چھرا گھونپنے اور خون چوسنے والے موقع پرست جونکوں کو شہداء وغازیوں کے لواحقین و متعلقین پرادھ موا کرنے کی کھلی چھٹی دے دی گئی ہے اور یہ سب کچھ اس لئے ممکن ہوا کہ سرکاری سطح پر سانحہ مشرقی پاکستان کے دوران پاک افواج کو دشمنوں سے بچانے والوں کو انکا جائز مقام نہیں دیا گیا، قوم کو نہیں بتایا گیا کہ وطن کے نام پر مرمٹنے والوں اور دوقومی نظریہ کے پرچم کو سرنگوں ہونے سے بچانے والوں میں کثیر تعداد مشرقی پاکستان کے اردو بولنے والے بغیر وردی پیروجوان تھے۔ شہادت کی فہرست تھے، ہاتھ پیر سے محروم ہونے والوں میں بھی نمایاں تھے، بے گوروکفن لاشیں بھی انکی تھیں، مائیں بہنیں بھی انکی لٹی تھیں، نونہال وبزرگ کی ادھڑی مسخ شدہ لاشیں بھی انکے گھر کے مکین تھے، خاکستہ گھر وجائیداد کے مالک بھی وہی تھے اعلیٰ ڈگریوں کے حامل بھی وہی تھے جن کی نسلیں آج کچھ بنگلہ دیش میں اور کچھ پاکستان میں اپنی پہچان کیلئے دربدر ہیں اور جنکے کاندھے سے کاندھا ملاکر یہ لڑے تھے۔ بلکہ پاک افواج کے جوانوں کو بچانے کیلئے اپنا سینہ پیش کیا تھا وہ بھی اس قومی سانحہ کے کرداروں کا ذکر بلند کرنے میں اپنی سُبکی سمجھتے ہیں جوکہ وطن پر جان وارنے والوں کیلئے لمحہ فکریہ ہے یہی وجہ ہے کہ آج بھی ملک بھر میں بسنے والے جسے جنیوا میں ''ضمیر کے قیدی'' کے نام سے جانا جاتا ہے پوچھتے پھرتے ہیں ہم تم سے پوچھتے ہیں ہمیں مطمئن کروہم نے لڑی تھی جنگ تمہاری کمان میں اپنی خامیوں پر نظر ثانی اور اپنے محسنوں کو جائز مقام دینے سے اجتناب برتنے کا سلسلہ ملک دولخت ہونے سے تاحال جاری ہے۔

## پاکستان ڈیفالٹ سے بچ جائے گا

راجہ محمد ممتاز خان

ہم عمران حکومت کے آخری دور میں سن رہے تھے کہ خدانخواستہ پاکستان ڈیفالٹ کی طرف جارہا ہے۔ تیزی سے بدلتے وزراء خزانہ ایک کے بعد ایک آرہا تھا۔ مہنگائی کنٹرول نہ ہورہی تھی۔ ناتجربہ کاری، کرپشن، اقرباپروری منظم سکینڈل ایسے آئے یا لائے گئے کہ بے یقینی کی کیفیت بنتی گئی۔ ملکی قرضوں میں ریکارڈ اضافہ ہو گیا۔ انتقامی کارروائیاں عروج پر تھیں۔ نیب کے کالے قوانین کا نشانہ خاص طور پر مسلم لیگ (ن) اور پھر پی پی بنی۔ یہاں تک کہ منشیات کا کیس رانا ثناء اللہ پر ایسا بنا کہ لوگوں کو یقین ہو گیا کہ یہ سب کچھ فراڈ اور محض فراڈ ہے۔ ایک منظم طریقے سے عمران خان ملک کے اندر اور باہر ایسا تاثر دے رہے تھے کہ ان کے مخالفین چور، ڈاکو اور لٹیرے منی لانڈرنگ والے ہیں۔ اربوں روپے اس پراپیگنڈے پر لگا دیئے نہ تو ایک پیسہ وصول ہوا اور نہ کوئی کیس ثابت ہوا۔ آہستہ آہستہ مخالف رہنما بری ہوتے گئے۔ ''ڈیلی میل'' برطانیہ کا مشہور انگریزی اخبار جس کی روزانہ دس لاکھ کاپیاں شائع ہوتی ہیں۔ شہباز شریف کے خلاف جھوٹا مواد شائع کیا۔ گزشتہ حکومت نے ان کے نمائندے کو پاکستان بلا کر غلط مواد دیا۔ اب انہیں معافی مانگنی پڑی شہباز شریف سے۔ اور یہ معافی دراصل پاکستان سے مانگی گئی۔ دوسری جانب فنانشل ٹائم نے لکھا کہ عمران خان نے (Donation) کی شوکت خانم کی رقم سیاست میں لگائی۔

اب یہ راز کوئی راز نہیں رہا بلکہ یہ بات روز روشن کی طرح عیاں ہے کہ عمران خان کو لانے میں جوداروں کا کردار تھا وہ عیاں تھا۔ پھر ناتجربہ کاری نااہلی، ناسمجھی کی وجہ سے اس وقت جو پاکستان جی ڈی پی 5.08 پر تھا۔ ملک میں اشیائے خورد ونوش کی فراوانی تھی۔ راشن ادویات، پٹرول سستا تھا ملک ترقی کی شاہراؤں پر گامزن ہونے جارہا تھا کہ ایک ایسا جھٹکا لگا کہ دھڑام سے نیچے گرا۔ یہ کل کی بات ہے جناب یہ یاد رکھنا چاہیے۔ دوسری طرف مرکزی حکومت سے اتحادی الگ ہوئے تو حکومت گرگئی لیکن جو غیر آئینی کھلواڑ اس قوم نے دیکھا وہ بھی ایک حقیقت ہے۔ جب سے عمران خان وزیراعظم بنے وہ اسلام آباد سے بنی گالہ ہیلی کاپٹر پر جاتے رہے۔ اس طرح جو استعمال صرف ہیلی کاپٹر کا ہوا وہ 2725 گھنٹے تھے جو 98 کروڑ میں پڑے۔ یہ دیانت داروں کا حال ہے جو اس قوم نے دیکھا۔ ہم نے سن رکھا تھا کہ ففتھ جنریشن ہائبرڈ وار کا زمانہ ہے جو کہ پراپیگنڈے پر سارا کام ہے۔ ہتھیاروں کی کوئی لڑائی نہ ہوگی اور آج کل ہم صبح شام یہ دیکھ رہے ہیں اور سن رہے ہیں کہ ملک ڈیفالٹ یا دیوالیہ ہونے جارہا ہے۔ یہ دعویٰ عمران خان کرتے ہیں جبکہ اتحادی حکومت اس کی نفی کرتی ہے۔ عمران خان اس کا حل الیکشن بتاتے ہیں۔

## تعلیم دشمن چمگادڑیں

روہیل اکبر

اللہ تعالیٰ کا لاکھ لاکھ شکر ہے کہ آج ہماری نوجوان نسل عقل وشعور کی بلندیوں کے سفر پر محو پرواز ہے اور اسکی بڑی وجہ تعلیم ہے لیکن آج بھی کچھ لوگ تعلیم دشمن بنے ہوئے ہیں وہ چاہتے ہیں کہ بچوں کو تعلیم سے دور رکھ کر سیاسی کھیل کھیلا جائے ایسے لوگ چمگادڑوں کی طرح ہوتے ہیں دن کو انہیں ہر چیز الٹ نظر آتی ہے اور جب وہ رات کو الٹے ہوتے ہیں تو پھر شائد انہیں اپنی طرف سے درست نظر آنا شروع ہوجاتا اصل میں یہی لوگ پاکستان کے دشمن، تعلیم کے دشمن اور ہماری نوجوان نسل کے دشمن ہیں جنہیں ہماری آج کی تعلیمی ترقی نظر نہیں آتی مگر جیسے ہی یہ لوگ الٹی سوچ سے الٹنا شروع ہوتے ہیں تو پھر انہیں وہی جہالت، پسماندگی، غربت، بے روزگاری، مارکٹائی، احتجاج، سڑکیں بلاک اور ایک دوسرے کے خلاف غلیظ زبان استعمال کرنا درست لگنا شروع ہوجاتا ہے یہی تعلیم دشمن لوگ چاہتے ہیں کہ ہمارا معاشرہ غلامی کی دلدل میں پھنسا رہے اور ہم غلام قوم کے سر پر پاؤں رکھ کر اپنی مرضی مسلط کرتے رہیں پاکستان سے باہر رہنے والے لوگ پاکستان کے اندر رہنے والوں سے زیادہ باشعور اور محب وطن ہیں ایک تو انہیں ملک کی پسماندگی کا دکھ ہے تو دوسرا تعلیم سے دوری کا افسوس ہے پچھلے چند سالوں سے اسلامیہ یونیورسٹی نے تعلیمی میدان میں جو انقلاب برپا کیا اس پر بہت سے لوگ دل سے دعائیں کررہے ہیں کہ کاش پورے پاکستان کے تعلیمی ادارے ایسے بن جائیں میں چونکہ سعودی عرب میں ہوں اور اس حوالہ سے بہت سے پاکستانیوں سے ملاقاتیں ہوتی رہتی ہیں گذشتہ روز مدینہ منورہ میں مسجد نبوی کے پاس تقریبا 15 سال سے پاکستانی ہوٹل (معطم النور) چلانے والے نور احمد، جدہ میں گگو منڈی کے پاکستانی درد دل رکھنے والے انجینئر طلعت محمود، بہاولپور ہیڈ راجکاں 36 چک کے غضنفر گگا اور مبشر جبکہ مکہ مکرمہ میں اللہ یار سمیت بہت سے ایسے پاکستانی جو پاکستان کی ہر خبر پر نظر رکھتے ہیں کے ٹیلی فون اور میسج آئے کہ یہ بہاولپور یونیورسٹی میں کیا ہورہا ہے اگر اللہ تعالیٰ نے ہمیں ایک اچھا، محنتی، مخلص، تعلیم دوست اور محب وطن ڈاکٹر اطہر محبوب کی شکل میں وائس چانسلر دے ہی دیا ہے تو پھر کچھ گھٹیا اور غلیظ قسم کے لوگ اسکے پیچھے کیوں پڑے ہوئے ایسا لگتا ہے کہ وہ لوگ وی سی کے خلاف نہیں بلکہ تعلیم کے دشمن ہیں جو چاہتے ہیں کہ پاکستانی اسی طرح جاہل اور گنوار رہیں جسطرح پہلے ہوا کرتے تھے میں نے انہیں مختصر بتایا کہ اس وقت ڈاکٹر اطہر محبوب کی وجہ سے پاکستان کا تعلیم میں عالمی درجہ نہ صرف بہتر ہورہا ہے بلکہ ہمارا چولستان بھی سرسبز بن رہا ہے ریاست بہاولپور کے لوگ تعلیم کے ساتھ ساتھ اپنے معاشی مستقبل کو بھی خوشحالی میں بدل رہے ہیں یہی انجینئر پروفیسر ڈاکٹر اطہر محبوب ہیں جنہوں نے سال 2015 میں خواجہ فرید یونیورسٹی آف انجینئرنگ اینڈ ٹیکنالوجی رحیم یارخان کی بطور وائس چانسلر ذمہ داری سنبھالی تو اسوقت پروفیسر شاکر غزالی اسلامیہ یونیورسٹی بہاولپور کے رحیم یارخان کیمپس کے ڈائریکٹر تھے اور آئے روز یونیورسٹی انتظامیہ کے لئے نئی مصیبت کھڑی کرنے میں مشہور تھے کبھی ہمسایہ خواجہ فرید کالج جس کے ایک ہاسٹل میں آئی یو بی کا کیمپس قائم تھا میں شرارتوں اور محاذ آرائی کی وجہ سے ہر دوسرے دن کالج اور یونیورسٹی کے اساتذہ اور طلبا آمنے سامنے ہوتے دھرنے، مظاہرے، احتجاج، پتھراؤ اور سڑکوں کی بندش روزمرہ کا معمول تھا انہوں نے غنڈہ گردی کی وجہ سے نہ صرف اپنی یونیورسٹی بلکہ رحیم یارخان کی ضلعی انتظامیہ کے ناک میں بھی دم کررکھا تھا جسکی وجہ سے والدین تعلیم اور اس نظام سے متنفر ہورہے تھے اور کیمپس میں فیکلٹی 13 اور طلباء وطالبات کی تعداد 600 کے قریب رہ گئی اور رحیم یار خان کیمپس اجڑ گیا اسی دوران خواجہ فرید یونیورسٹی آف انجینئرنگ اینڈ ٹیکنالوجی میں ڈاکٹر اطہر محبوب جوائننگ دے چکے تھے جسکا وجود ہی نہیں تھا یونیورسٹی کی جگہ رینجرز اور مقامی قبضہ گروپوں کے قبضے میں تھی لیکن ڈاکٹر اطہر محبوب کاوشوں اور محنت سے صوبائی حکومت نے انکی بھرپور حمایت اور حوصلہ افزائی شروع کردی تھی رحیم یارخان کے سماجی اور تعلیمی حلقے ڈاکٹر اطہر محبوب کی تعلیم دوست پالیسیوں اور انکی خوبصورت شخصیت کے سحر میں مبتلا ہوچکے تھے جسکے بعد کوئی رکاوٹ درمیان میں نہ رہی تو پھر شاکر غزالی جو اس وقت تک شہر میں ایک ناکام، بدمزاج اور لڑاکا شخصیت کے طور پر مشہور ہوچکے تھے تعلیم دشمن بن کر سامنے آئے موصوف ڈاکٹر اطہر محبوب سے حسد اور احساس کمتری میں مبتلا ہوئے اور آگے چل کر یہ منفی جذبات اسقدر بڑھ گئے کہ شاکر غزالی کو اپنے استاد ہونے کا بھی پاس نہ رہا اور انہوں نے ہر حربہ اور ہتھکنڈا استعمال کرنے کی ٹھان لی تاکہ ڈاکٹر اطہر محبوب کی کامیاب تعلیم دوست پالیسیوں کو ناکام بنا سکیں اسی دوران اسلامیہ یونیورسٹی بہاولپور، یونیورسٹی آف انجینئرنگ اینڈ ٹیکنالوجی لاہور اور یونیورسٹی آف انجینئرنگ اینڈ ٹیکنالوجی ٹیکسلا میں وائس چانسلر کی پوسٹ کے لیے ڈاکٹر اطہر محبوب تینوں جامعات کی سلیکشن میں ٹاپ تھری کی لسٹ میں شامل تھے اور اسلامیہ یونیورسٹی بہاولپور کی لسٹ میں آپ کا نام سرفہرست تھا جبکہ ڈاکٹر شاکر غزالی کا نام بھی تیسرے نمبر پر تھا جو غالبا ایک بیوروکریٹ کی مہربانی تھا جو انکا شاگرد رہ چکا تھا لیکن حکومت نے میرٹ اور بچوں کے مستقبل کا خیال رکھتے ہوئے ڈاکٹر اطہر محبوب کو وائس چانسلر تعینات کردیا میرٹ اور تعلیم کی دھجیاں آڑانے والوں کو یہ بات کیسے ہضم ہوتی اس لیے انہوں نے اپنے مہرے شاکر غزالی کو استعمال کرنا شروع کردیا لیکن اسکے باوجود اسلامیہ یونیورسٹی بہاولپور ترقی اور توسیع کے ایک نئے دور میں داخل ہوگئی اساتذہ اور فیکلٹی کی تعداد دوگنا اور تین گنا ہوگئی۔

## شماریتی سیرت النبیؐ

میرا فسرامان

محمد شاہین بابر اسلامی اسکالر ماہر شماریت، ایم ایس سی شماریات، سینئر شماریتی آفیسر وفاقی ادارہ شماریت نے شماریاتی سیرت النبیؐ قمری وعیسوی ماہ وسال کی جدید سائنٹفک پہلی کتاب تحریر کی ہے جس پر تبصرہ کرنا ہے۔ لکھتے ہیں کہ حضرت محمدؐ کے مورث اعلیٰ حضرت ابراہیمؑ تھے۔ آپؐ ربیع الاول ۱ عام الفیل۔ اپریل ۵۷۱ء ۱۲ ربیع الاول بروز ۱ عام الفیل صبح کے وقت پیدا ہوئے۔ بنی سدہ میں پرورش پائی۔ واقعہ شق صدر ۴ سال کی عمر۔ ۵۷۵ء میں پیش آیا۔ ۶ سال کی عمر ن ۵۷۷ء میں والدہ کا انتقال ہوا۔ دادا عبدالمطلب کی کفالت میں رہے۔ جب عمر ۸ سال کی ہوئی تو چچا ابو طالب نے کفالت کا بیڑا اٹھایا۔ ۱۲ سال کی عمر میں۔ ۵۸۳ء میں پہلا تجارتی سفر شام کیا۔ ۲۰ سال عمر۔ ۵۹۱ء میں جنگ فجار میں شرکت کی۔ ۲۰ سال عمر۔ ۵۹۱ء حلف الفضول میں شرکت کی۔ آپؐ نے اوائل عمر میں بکریں چرائیں۔ عمر ۲۵ سال۔ ۵۹۶ء میں حضرت خدیجہؓ سے شادی ہوئی۔ ۳۵ سال عمر۔ ۶۰۵ء میں بیت اللہ کی تعمیر نو اور حجر اسود کا فیصلہ کیا۔ عمر ۴۰ سال۔ ۹ ربیع الاول ۱ نبوت ۴۱ عام الفیل۔ ۱۴ فروری ۶۱۰ء غار حرا میں عبادت کے دوران نبوت کی علامتیں ظاہر ہونا شروع ہوئیں۔ عمر ۴۰ سال ۶ ماہ۔ رمضان ۱ نبوت۔ اگست ۶۱۰ء میں پہلی وحی سچے خوابوں سے ہوئی۔ ۱ نبوت۔ ۶۱۰ء عمر مبارک ۴۰ سال آپ نے تبلیغ کا کام خاموشی اور رازداری سے سب سے پہلے اپنے خاندان کے لوگوں اور دوست احباب سے شروع کیا۔ اسلام کی علانیہ تبلیغ کا حکم نازل ہوا۔ ''اور آپؐ اپنے نزدیک ترین رشتہ داروں کو (عذاب الٰہی سے) ڈرائیں (الشعراء ۲۶: ۲۱۴)۔ ۵ نبوت نبوی میں ظلم وستم کی اس بھٹی میں اہل اسلام دار ارقم میں میں خفیہ دعوت دی۔ ۵ نبوی۔ ۶۱۴ء۔ عمر مبارک ۴۴ سال پہلی ہجرت حبشہ واقع ہوئی۔ ۶ نبوی۔ ۶۱۵ء عمر ۴۵ سال جمادالثانی ۶ نبوی میں دوسری ہجرت ہوئی۔ ۶ نبوت، ۶۱۵ء قریش مکہ دربار نجاشی میں پیش ہوئے۔ ۶ نبوت ۶۱۵ء عمر ۴۵ سال حضرت حمزہؓ نے اسلام قبول کیا۔ ۶ بنوت ۶۱۵ء ۴۵ سال میں حضرت عمرؓ نے اسلام قبول کیا۔ ۶ بنوت۔ ۶۱ء ۴۵ سال سرداران قریش ابو طالب کے پاس آئے۔ کہا کہ اپنے بھتیجے کو روکیں۔ آپؐ نے فرمایا: چچا جان! خدا کی قسم اگر یہ لوگ میرے داہنے ہاتھ پر سورج اور بائیں ہاتھ پر چاند رکھ دیں کہ میں اس کام سے رک جاؤں یہ ممکن نہیں۔ اس کے بعد آپؐ کو قتل کرنے کی سازش ہوئی جس پر ابو طالب نے قریش کے سرداروں کو وارنگ دی۔ ۶ بنوت۔ ۶۱۵ء۔ عمر ۴۵ سال کو براہ راست مصالت کی کوششیں کی گئیں۔ محرم ۷ بنوت۔ ۶۱۵ء۔ سال ۴۵ میں شعب ابی طالب کی گھاٹی میں بنو ہاشم کو ۳ سال تک محصور کیا گیا۔ محرم ۱۰۔ بنوت۔ ۶۱۸ء سال ۴۸ میں ۳ سال گزر گئے۔ محرم ۱۰ بنوی ۳۱ اگست ۶۱۸ء ظالمانہ محاصرہ ختم ہوا۔ ۱۰ بنوت۔ ۶۱۹ء۔ عمر ۴۹ سال رجب ۱۰ بنوی فروری ۶۱۹ء ابو طالب ۸۵ سال کی عمر میں وفات پا گئے۔ ۱۰ نبوت ۶۱۹ء۔ عمر سال ۴۹ رمضان ۱۰ نبوی اپریل ۶۱۹ کو آپؐ کی رفیقہ ام المومنین حضرت خدیجہ الکبریٰ کا انتقال ہوا۔ اس سال کو غم کا سال کہا گیا۔ ۱۰ نبوت ۶۱۹ء عمر ۴۹ سال آپ دعوت اسلام کی تبلیغ کے لیے طائف تشریف لے گئے۔ ذی قعدہ ۱۰ نبوت جون ۶۱۹ء عمر سال ۴۹ میں وادی نخلہ میں جنات نے آپؐ سے قرآن سنا۔ ۱۱ نبوت۔ ۶۲۰ء عمر ۵۰ سال میں اسراء معراج النبیؐ ہوا۔ '' پاک ہے وہ ذات جس نے اپنے بندے کو راتوں رات مسجد الحرام سے مسجد الاقصیٰ تک سیر کرائی، تاکہ ہم اپنی نشانیاں ان کو دکھائیں'' بنی اسرائیل ۱۷: ۱۔ حضرت عائشہؓ سے نکاح شوال ۱۱ نبوی کو ہوا۔ ۱۱ نبوت۔ ۶۲۰ء عمل ۵۰ سال ذی الحجہ ۱۱ بنوی جولائی ۶۲۰ء کو اطراف واکناف عرب سے حجاج کے قافلہ مکہ پہنچے۔ ان میں یثرب کی چند سعادت مند روحیں بھی شامل تھیں۔ ۶ اصحاب نے اسلام قبول کیا۔ ان لوگوں نے یثرب میں اسلام پھیلایا۔ ۱۲ نبوت۔ ۶۲۱ء عمر ۵۱ سال میں ۱۲ افراد منیٰ میں عقبہ کے مقام پر آپؐ سے ملے۔ یہ پہلی بیعت تھی۔ ۱۳ نبوت۔ ۶۲۲ء عمر سال ۵۲ ذی الحجہ ۱۳ نبوی جون ۶۲۲ء کو ۷۲ مرد و زن کا قافلہ نے عقبہ کی گھاٹی میں رات کے تیسرے پہر آپؐ سے ملاقات کی۔ یہ دوسری بیعت عقبہ تھی۔ ۱۴ نبوت۔ ۶۲۲ء عمر ۵۲ سال کو مدینہ ہجرت کی۔ جمعرات ۲۶ صفر ۱۴ نبوی بمطابق ۱۲ ستمبر ۶۲۲ء سرداران مکہ کا اجلاس دارالندوہ میں ہوا جس میں آپ کو قتل کرنے کی سازش تیار ہوئی۔ آپؐ ۲۷ صفر ۱۴ نبوی بمطابق ۱۲۔۱۳ ستمبر ۶۲۲ء کی درمیانی رات اپنے مکان سے نکل کر حضرت ابو بکرؓ کے گھر تشریف لائے۔ سوموار یکم ربیع الاول ۱ ہجری کی چاند رات بمطابق ۱۶ ستمبر ۶۲۲ء کو غار ثور سے مدینہ روانگی ہوئی۔ سوموار ۸ ربیع الاول ۱ ہجری بمطابق ۲۳ ستمبر ۶۲۲ء ۳۵ سال کی عمر میں آپ قبا داخل ہوئے۔ مدینہ میں آمند ۱۲ ربیع الاول ۱ ہجری بمطابق ۲۷ ستمبر ۶۲۲ء کو آپ مدینہ میں داخل ہوئے۔ مدینہ پہنچنے کے بعد پہلا کام مسجد نبوی تعمیر کی۔ اوائل ہجرت میں ہی مسجد میں اذان بھی شروع ہوئی۔ مدینہ میں مسلمانوں کے درمیان بھائی چارگی یعنی مواخات قائم کی۔ رجب ۱ ہجری بمطابق جنوری ۶۲۳ء میثاق مدینہ قائم کیا۔ ماہ شعبان ۱ ہجری میں دفاع جنگ کی اجازت کا حکم ملا رمضان ۱ ہجری مارچ ۶۲۳ء عمر ۵۳ سال میں سریہ البحر کے لیے حضرت حمزہؓ کی کمان میں ۳۰ مہاجرین کا ایک گروپ ساحل سمندر کی طرف روانہ ہوا۔ شوال ۱ ہجری اپریل ۶۲۳ء عمر ۵۳ سال حضرت عبیدہؓ بن حارث کی کمان میں ۶۰ مہاجرین کو روانہ کیا۔ ذی قعدہ ۱ ہجری مئی ۶۲۳ء عمر ۵۳ سال میں حضرت سعدؓ بن ابی وقاص کی کمان میں ۲۰ مہاجرین کے ساتھ رابغ کے قریب خرار تک روانہ کیا۔ غزوہ ابوء، صفر ۲ ہجری۔ اگست ۶۲۳ء عمر ۵۳ سال ۷۰ مہاجرین کے ہمراہ آپؐ خود باہر نکلے اور ابواء تک تشریف لے گئے۔ غزوہ بواط، ربیع الاول ۲ ہجری ستمبر ۶۲۳ء عمر ۵۴ سال آپؐ ۲۰۰ مہاجرین کے ساتھ بواط تک تشریف لے گئے۔ غزوہ سفوان، اس ماہ کرز بن جابر فہری نے مدینہ کی چراگاہ پر مکہ کی طرف سے پہلا چھاپہ مارا اور کچھ مویشی ہانک کر لے گیا۔ آپؐ ۷۰ مہاجرین کے ساتھ اس کا تعاقب کیا۔ غزوہ ذی العشیر ہ جمادی الاول ۲ ہجری نومبر ۶۲۳ء عمر ۵۴ سال میں ۲۰۰ مہاجرین کے ساتھ قریش کے ایک قافلے کے تعاقب میں آپ ۶ ذی العشیر تک نکلے۔ سریہ نخلہ رجب ۲ ہجری۔ جنوری ۶۲۴ء۔ عمر ۵۴ سال، اس مہم میں آپؐ نے عبداللہ بن جحش کو ۱۲ مہاجرین کے ہمراہ وادی نخلہ روانہ کیا۔ شعبان ۲ ہجری بمطابق فروری ۶۲۴ء عمر ۵۴ سال میں تقریباً ۱۷ ماہ بعد بوقت ظہر تحویل قبلہ کا حکم آ گیا کہ بیت المقدس کی بجائے اللہ کے سب سے پہلے گھر بیت اللہ کو قبلہ بنا دیا گیا۔ ۲ شعبان ۲ ہجری فروری ۶۲۴ء عمر ۵۴ سال کے وقت غزوہ بدر سے پہلے شعبان ۲ ہجری میں اللہ تعالیٰ کی طرف سے جہاد کی فرضیت کا حکم نازل ہو گیا ان مشکلات سے ایمان کے بندھے ہوئے ہاتھ کھل گئے دین حق کی سربلندی کے لیے تقاضائی کارروائیوں کی اجازت مل گئی۔ ۱۷ رمضان ۲ ہجری بمطابق ۱۳ مارچ ۶۲۴ء عمر ۵۴ سال میں غزوہ بدر ہوئی۔'' اور بے شک اللہ تعالیٰ نے تمھاری مدد بدر میں کی تھی حالانکہ تم بلکل کمزور تھے تو اللہ سے ڈرو تاکہ تم شکر گزار بن جاؤ'' (آل عمران ۳: ۱۲۳) جنگ بدر میں ابو جہل قتل ہوا۔ غزوہ بنو سلیم شوال ۲ ہجری کو ہوا۔ غزوہ بنی قینقاع شوال ۲ ہجری۔ اپریل ۶۲۴ء عمر ۵۴ سال میں ہوا۔ ۳ ہجری غزوہ ذی الامرؐ (غطفان) محرم ۳ ہجری آپؐ ۴۵۰ کی نفری لے کر روانہ ہوئے۔ غزوہ بحران ربیع الثانی ۳ ہجری کو پیش آیا۔ سریا زید بن حارث (قروہ) جمادی الثانی ۳ ہجری بمطابق نومبر ۶۲۴ء کو پیش آیا۔ غزوہ احد ہفتہ ۷ شوال ۳ ہجری بمطابق ۲۳ مارچ ۶۲۵ عمر ۵۵ سال میں پیش آیا'' اور تم ہمت مت ہارو اور رنج مت کرو اور غالب تم ہو گے اگر تم پورے مومن رہے'' (آل عمران ۳: ۱۳۹) غزوہ حمراء الاسد جنگ احد کے دوسری صبح یعنی اتوار ۸ شوال ۳ ہجری ہوئی تو آپؐ نے اعلان فرمایا کہ دشمن کے تعاقب کے لیے چلنا ہے۔ صرف وہی چل سکتا ہے جو احد میں شریک تھا۔ سریہ ابوسلمہ، ۴ ہجری یکم محرم ۴ ہجری کو ابو سلمہؓ کو ۱۵۰ افراد کی کمان دے کر بنواد کی جانب روانہ کیا۔ سریہ عبداللہ بن انیس، اس ماہ خبر ملی کی خالد بن سفیان ہذلی مسلمانوں پر حملہ کرنے کے لیے فوج جمع کررہا ہے۔ آپؐ نے حضرت عبداللہ بن انیسؓ کو اس کے خلاف کاروائی کے لیے روانہ کیا۔ غزوہ بنی نضیر، ربیع الاول ۴ ہجری بمطابق اگست ۶۲۵ء عمر ۵۶ سال آپؐ نے ۲ مقولین کی دیت کے مسئلے پر گفتگو کے لیے بنو نضیر مسجد قبا کے قریب تشریف لائے۔ غزوہ بدر دوم، شعبان ۴ ہجری بمطابق جنوری ۶۲۶ء عمر ۵۶ سال، ابوسفیان نے احد کے موقع پر بدر کی لڑائی کہا تھا۔




## ڈیٹنگ کے متعلق لوگوں کے سوالات تنگ کرتے ہیں، نرگس فخری

### جولوگ اپنی زندگی کے متعلق بات نہیں کرنا چاہتے ہمیں ان کی رازداری کا احترام کرنا چاہیے

ممبئی (این این آئی) بالی وڈ اداکارہ نرگس فخری نے کہا ہے کہ وہ اپنی زندگی کے کچھ معاملات کو خود تک ہی محدود رکھنا چاہتی ہیں۔ ایک تازہ انٹرویو میں اداکارہ کا کہنا تھا کہ انٹرنیٹ نے پرائیوسی کا مطلب ہی بدل کررکھ دیا ہے، مجھے ڈیٹنگ کے متعلق لوگوں کے سوالات عجیب لگتے ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ فوٹوگرافرز اور سوشل میڈیا کی وجہ سے اداکاراؤں کی نجی اور پیشہ ورانہ زندگی کے متعلق بہت سی باتوں تک ہر ایک کو رسائی حاصل ہے۔ نرگس فخری نے مزید کہا کہ مجھے اپنی ذات کے متعلق بتانے میں کوئی شرم نہیں ہے۔

## رنویر سنگھ سے بچے کا رونا برداشت نہ ہوا، اسے گود میں اٹھا

### یہ ویڈیو دیکھ کر ایک زمانہ رنویر سنگھ کی اس خوش خلقی کا معترف ہوگیا

ممبئی (این این آئی) رنویر سنگھ کا دھیما مزاج اور اپنے پرستاروں کے لئے محبت دنیا سے چھپی نہیں، وہ اکثر اپنے مداحوں کے ساتھ گھل مل جاتے ہیں۔ آج کل رنویر اپنی نئی آنے والی فلم سرکس کی پروموشن میں مصروف ہیں۔ اسی سلسلے میں ممبئی میں ایک تقریب کے دوران رنویر نے مداحوں کی بھیڑ میں ایک بچے کو روتے ہوئے دیکھا تو اسے گود میں اٹھا کر گھر والوں کے حوالے کیا۔ یہ ویڈیو دیکھ کر ایک زمانہ رنویر سنگھ کی اس خوش خلقی کا معترف ہوگیا۔ تقریب میں شرکت کے لیے آتے ہوئے انہوں نے دیکھا کہ ایک بچہ پرستاروں کے ہجوم میں موجود ہے، اسے دھکے لگ رہے ہیں۔

## شاہ رخ اور دیپیکا کے گانے ''بے شرم رنگ'' کی سوشل میڈیا پر دھوم

### یش راج فلمز کے بینر تلے بالی وڈ کنگ شاہ رخ خان کی نئی فلم پٹھان اگلے برس ریلیز کی جائے گی

ممبئی (این این آئی) بالی وڈ کنگ شاہ رخ خان اور دیپیکا پڈوکون کی نئی آنے والی فلم 'پٹھان' کا پہلا گانا جاری کردیا گیا۔ 'پٹھان' کا پہلا گانا سوشل میڈیا پر جاری کیا گیا ہے، جس کے حوالے سے کئی دنوں سے ٹیزر جاری کیا گیا تھا۔ یش راج فلمز کے بینر تلے بالی وڈ کنگ شاہ رخ خان کی نئی فلم پٹھان اگلے برس ریلیز کی جائے گی۔ گانے میں دیپیکا پڈوکون کی بولڈ ڈریسنگ اور شاہ رخ خان کا اسٹائلش انداز سوشل میڈیا پر موضوع بحث بن گیا ہے۔ بالی ووڈ کنگ کی باڈی فٹنس کی بھی تعریف کی جارہی ہے اور اس گانے میں دیپیکا اور شاہ رخ کی کیمسٹری کو پسند کیا گیا ہے۔ 'بے شرم رنگ' کو ہندی کے علاوہ بیک وقت تامل اور تیلگو زبان میں بھی ریلیز کیا گیا ہے اور فلم کے تینوں زبان میں گانوں کو شلپا راؤ، وشال اور شیکھر نے گایا ہے۔

## راج پال یادو کے خلاف طالبعلم کے ساتھ بدسلوکی کا مقدمہ درج

ممبئی (این این آئی) بھارتی فلم انڈسٹری کے معروف کامیڈین راج پال یادو کیخلاف دوران شوٹنگ ایک طالبعلم کو سکوٹر سے ٹکر مارنے اور اس سے بدسلوکی کا مقدمہ درج کرلیا گیا۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق اداکار راج پال یادیو کی نئی فلم کی شوٹنگ جاری تھی کہ ایک سین کے دوران حادثاتی طور پر اداکار کا اسکوٹر وہاں کھڑے ایک طالب علم کو جالگا جس سے وہ زخمی ہوگیا۔ رپورٹس میں بتایا گیا کہ حادثے کے دوران طالب علم کو سنگین نوعیت کی چوٹیں نہیں آئیں۔

## فرح خان جمعہ سے ''شالیمار تھیٹر'' لاہور میں پرفارم کرینگی

### شہرت کیلئے فحاشی اور شارٹ کٹ پسند نہیں شائقین کی پسند پر کام کرتی ہوں

لاہور (یو این پی) فرح خان اس جمعہ سے ''شالیمار تھیٹر'' لاہور میں پرفارم کرینگی، تفصیلات کے مطابق معروف اداکارہ جمعہ 16 دسمبر سے 'شالیمار تھیٹر' بندیا روڈ لاہور میں نیا سٹیج ڈرامہ ''سات سہیلیاں'' پیش کیا جائے گا جس میں معروف ماڈل واداکارہ فرح خان اسپیشل ڈانس آئٹم کے ساتھ پرفارم کرینگی، ڈرامہ کے ڈائریکٹر ڈاکٹر اظہر ملک اور پروڈیوسر علی طارق اور حسن طارق ہیں جبکہ کاسٹ میں فرح خان کے ساتھ کول خان، عامر سوہنا، رفاقت ناز، عرفان شیوا، اسد مکھڑا، و دیگر فنکار شامل ہیں۔

## برطانوی گلوکار ایلٹن جان نے ٹوئٹر چھوڑنے کا اعلان کردیا

### ٹوئٹر کی پالیسی میں حالیہ تبدیلی کے بعد غلط معلومات کا پھیلاؤ ہوگا



لندن (این این آئی) برطانیہ کے شہرہ آفاق گلوکار ایلٹن جان نے نئی پالیسی پر ٹوئٹر چھوڑنے کا اعلان کردیا۔ گلوکار نے ٹوئٹ کرتے ہوئے لکھا کہ ساری زندگی میں نے لوگوں کو جوڑنے کے لیے موسیقی کا استعمال کیا لیکن اب یہ دیکھ کر افسوس ہوتا ہے کہ غلط معلومات دنیا کو تقسیم کرنے کا ذریعہ بن رہی ہیں۔ ایلٹن جان نے کہا کہ ٹوئٹر کی پالیسی میں حالیہ تبدیلی کے بعد غلط معلومات کا پھیلاؤ ہوگا، میں نے فیصلہ کیا ہے کہ اب ٹوئٹر استعمال نہیں کروں گا۔ ایلون مسک نے ایلٹن جان کو جواب دیتے ہوئے کہا کہ مجھے آپ کی موسیقی پسند ہے، امید کرتا ہوں کہ آپ واپس آئیں گے، ساتھ ہی انہوں نے گلوکار سے استفسار کیا کہ وہ کس خاص پالیسی کے متعلق تشویش میں مبتلا ہیں۔

## گلوکار بلال سعید کا نیا گانا ''تین سال' مداحوں کو بھا گیا

### یہ گانا ''3 سال'' میرے ان مداحوں کے لئے تحفہ ہے جو میرے بے حد قریب ہیں

لاہور (این این آئی) پاکستان کے معروف گلوکار بلال سعید کی جانب سے اپنی سالگرہ پر ریلیز کیا گیا نیا گانا ''تین سال'' مداحوں کو بھا گیا۔ فوٹو اینڈ ویڈیو شیئرنگ ایپ انسٹاگرام پر گلوکار بلال سعید نے گزشتہ روز اپنی سالگرہ کے موقع پر گانے کو ریلیز کیا جسے مداحوں کی جانب سے خوب پسند کیا گیا۔ بلال سعید نے اپنی سالگرہ کے موقع پر مبارکباد اور نیک خواہشات کا اظہار کرنے والے مداحوں کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ آپ میرا ساتھ 12 سال سے دے رہے ہیں۔




## لیونل میسی نے فیفا ورلڈکپ کے بعد ریٹائرمنٹ کا اشارہ دیدیا

### ورلڈکپ فائنل میں اپنا آخری میچ کھیل کر اس سفر کو ختم کرنے پر خوش ہوں، گفتگو

دوحہ (این این آئی) مشہور فٹبالر اور ارجنٹینا کے کپتان لیونل میسی نے فیفا ورلڈکپ 2022ء کے فائنل میچ کے بعد ریٹائرمنٹ کا اشارہ دیدیا۔ غیر ملکی میڈیا کے مطابق سیمی فائنل میں کروشیا کو شکست دینے کے بعد ارجنٹینا کے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے لیونل میسی نے کہا کہ ورلڈکپ فائنل میں اپنا آخری میچ کھیل کر اس سفر کو ختم کرنے پر خوش ہوں۔ ارجنٹینا سے تعلق رکھنے والے 35 سالہ لیونل میسی نے کہا کہ اس طرح کا اختتام بہترین ہے۔ لیونل میسی نے کہا کہ اگلے ورلڈ کپ میں بہت وقت ہے اور مجھے نہیں لگتا کہ میں وہ کھیل سکوں گا۔ دوسری جانب کروشیا کے خلاف سیمی فائنل میں جیت کے بعد لیونل میسی نے ساتھی کھلاڑیوں پر زور دیا کہ اس موقع سے لطف اٹھائیں اور کہا کہ ارجنٹینا ایک مرتبہ پھر فائنل میں پہنچ گیا۔ لیونل میسی نے مزید کہا کہ ہم مشکل حالات سے گزرے ہیں۔ اس سے قبل ارجنٹینا کے کوچ نے امید ظاہر کی تھی۔ لیونل میسی ورلڈکپ کے بعد انٹرنیشنل میچز کھیلتے رہیں گے۔ واضح رہے کہ فیفا ورلڈکپ 2022ء کے پہلے سیمی فائنل میں لیونل میسی کی ارجنٹینا کروشیا کو 3 صفر سے شکست دے کر چھٹی بار فٹ بال ورلڈکپ کے فائنل میں پہنچ گئی ہے۔ میگا ایونٹ کے دوسرے سیمی فائنل میں فرانس کا مقابلہ مراکش سے آج (جمعرات) رات 12 بجے ہوگا، جیتنے والی ٹیم اتوار کے روز فائنل میں ارجنٹینا سے مدمقابل ہوگی۔

## فیفا ورلڈکپ، مراکشی فٹبال فیڈریشن کا 13 ہزار مفت ٹکٹس دینے کا اعلان

### فرانس اور مراکش آج دوسرے سیمی فائنل میں ایک دوسرے کے مدمقابل آئیں گی

دوحہ (این این آئی) قطر میں جاری فیفا ورلڈکپ کے دوسرے سیمی فائنل سے قبل مراکش کے فٹبال فیڈریشن نے اہم اعلان کردیا۔ غیر ملکی خبررساں ایجنسی کی رپورٹ کے مطابق مراکشی فٹبال فیڈریشن نے فرانس اور مراکش کے درمیان فیفا ورلڈکپ کے دوسرے سیمی فائنل کیلئے 13 ہزار مفت ٹکٹس دینے کا اعلان کیا ہے تاکہ شائقین اپنی ٹیم کو سپورٹ کرسکیں۔ فرانس اور مراکش آج (جمعرات) رات 12 بجے دوسرے سیمی فائنل میں ایک دوسرے کے مدمقابل آئیں گی۔ مراکش پہلی افریقی ٹیم ہے جس نے پہلی بار سیمی فائنل تک رسائی حاصل کی ہے، انہوں نے یورپی ہیوی ویٹ بیلجیئم، اسپین اور پرتگال جیسی بڑی ٹیموں ہرا کر ورلڈکپ میں اپنا سفر اب تک جاری رکھا ہے۔

## ارجنٹینا کے جولیان الواریز کا خواب پورا ہوگیا

### 10 سال قبل میسی کے مداح کی حیثیت سے ساتھ تصویر بنوانے والے آج انکے ساتھ نمائندگی کررہے ہیں

دوحہ (این این آئی) فیفا ورلڈ کپ 2022ء کے سیمی فائنل میں ارجنٹینا کی کامیابی میں اہم کردار ادا کرنے والے کھلاڑی جولیان الواریز اپنے کپتان لیونل میسی کے سب سے بڑے مداح ہیں۔ میگا ایونٹ میں ارجنٹینا نے اہم سنگ میل پار کرتے ہوئے فائنل کیلئے کوالیفائی کیا تو ان کی اس کامیابی میں جولیان الواریز کا مرکزی کردار رہا ہے۔ کروشیا کو شکست دینے کے بعد جولیان الواریز جہاں سوشل میڈیا پر خوب تعریف سمیٹ رہے ہیں وہیں ان کی دس برس قبل فٹ بال کی دنیا کے مایہ ناز کھلاڑی لیونل میسی کے ساتھ لی گئی تصویر بھی وائرل ہورہی ہے۔ جولیان الواریز نے 10 سال قبل لیونل میسی کے مداح کی حیثیت سے ان کے ساتھ تصویر بنوائی تھی اور آج وہ اپنے ہی ہیرو کی کپتانی میں ارجنٹینا کی نمائندگی کررہے ہیں۔

## دورہ آسٹریلیا اور آئی سی سی ویمنز ٹی ٹوئنٹی ورلڈکپ کے لیے پاکستان ویمن ٹیم کا اعلان

لاہور (این این آئی) دورہ آسٹریلیا اور آئی سی سی ویمنز ٹی ٹوئنٹی ورلڈکپ کے لیے پاکستان ویمن ٹیم کا اعلان کردیا گیا۔ پاکستان کی جانب سے اعلان کردہ 15 رکنی ویمن سکواڈ میں فاسٹ بولر ڈیانا بیگ، طوبیٰ حسن اور سعدیہ اقبال کی واپسی ہوئی ہے۔ بسمہ معروف پاکستان ویمن ٹیم کی قیادت کریں گی۔ دورہ آسٹریلیا میں ون ڈے سیریز کے لیے کپتان بسمہ معروف، عالیہ ریاض، عائشہ نسیم، ڈیانا بیگ، فاطمہ ثنا، غلام فاطمہ، کائنات امتیاز، منیبہ علی، نشرہ سندھو، ندا ڈار، عمیمہ سہیل، صدف شمس، سعدیہ اقبال، سدرا امین اور سدرا نواز شامل ہیں جبکہ ٹریولنگ ریزروز میں ایمن انور، جویریہ خان اور طوبیٰ حسن شامل ہیں۔ ٹی ٹوئنٹی اسکواڈ میں کپتان بسمہ معروف، ایمن انور، عالیہ ریاض، عائشہ نسیم، ڈیانا بیگ، نشرہ سندھو، سعدیہ اقبال، سدرا آمین، سدرا نواز اور طوبیٰ حسن شامل ہیں۔

## انجرڈ فخر زمان کو مکمل فٹ ہونے میں مزید تین ہفتے درکار، بیٹنگ پریکٹس کا آغاز

لاہور (این این آئی) پاکستان کرکٹ ٹیم کے بلے باز فخر زمان کا نیشنل ہائی پرفارمنس سینٹر میں ری ہیب جاری ہے، جس کے مکمل ہونے میں ابھی مزید تین ہفتے درکار ہیں۔ ذرائع کے مطابق فخر زمان نے اب لاہور میں نیشنل ہائی پرفارمنس سینٹر میں بیٹنگ پریکٹس کا آغاز بھی کردیا ہے، بائیں ہاتھ کے اوپنر فخر زمان اب پہلے سے خاصے بہتر محسوس کررہے ہیں۔ ان کا ری ہیب 3 ہفتے مزید جاری رہے گا۔ واضح رہے کہ فخر زمان گھٹنے کی انجری کا شکار ہوکر آئی سی سی ٹی ٹوئنٹی ورلڈکپ سے باہر ہوئے تھے، انہیں نیدر لینڈز کے خلاف کھیلنے کا موقع دیا گیا تھا لیکن وہ اس دوران ایک بار پھر گھٹنے کی انجری کا شکار ہو گئے تھے۔ یہ وہی انجری تھی جس کے ری ہیب کے لیے فخر زمان انگلینڈ گئے تھے، وہ آئی سی سی ٹی 20 ورلڈکپ کے لیے ٹریول ریزور میں شامل تھے لیکن شاہین آفریدی کے ساتھ انگلینڈ میں جب وہ اپنا ری ہیب مکمل کر کے آسٹریلیا پہنچے تو انہیں بھی عین وقت پر 15 رکنی سکواڈ میں شامل کرلیا گیا تھا جبکہ عثمان قادر کو ریزروز میں بھیج دیا گیا تھا۔ بھارت اور زمبابوے کے خلاف تو انہیں موقع نہ دیا گیا لیکن نیدر لینڈز کے خلاف میچ میں انہیں کھلانے کا رسک لیا گیا اور پھر وہ دوبارہ گھٹنے کی تکلیف کا شکار ہو گئے۔ بعد ازاں گھٹنے کی تکلیف کے ساتھ قومی ٹیم کے اوپنر بلے باز فخر زمان کو کولہے کی تکلیف کا بھی سامنا کرنا پڑا۔

## جب ٹی ٹوئنٹی سے سیدھا کھلاڑیوں کو ٹیسٹ میں لاتے ہیں تو انگریز کی بھی توقع رکھیں، وقار یونس

لاہور (این این آئی) پاکستان کرکٹ ٹیم کے سابق کوچ وقار یونس نے ریڈ اور وائٹ کرکٹ فارمیٹ میں الگ الگ کھلاڑیوں کے لیے آواز اٹھادی۔

## انگلینڈ کے سابق آل راؤنڈر اینڈریو فلنٹوف کار حادثے میں زخمی

### سابق کرکٹر کی جان کو خطرہ نہیں، جلد تفصیلات سے آگاہ کیا جائے گا

لندن (این این آئی) انگلینڈ کرکٹ ٹیم کے سابق آل راؤنڈر اینڈریو فلنٹوف کار حادثے میں زخمی ہو گئے جنہیں ہسپتال منتقل کردیا گیا۔ غیر ملکی میڈیا کے مطابق اینڈریو فلنٹوف ایک برطانوی ٹی وی کے شو کی ریکارڈنگ کے دوران کار حادثے کا شکار ہوئے۔ اینڈریو فلنٹوف کی گاڑی کو حادثہ سرے کے علاقے میں پیش آیا جہاں برف ہونے کے باعث سابق کرکٹر کو ایئر لفٹ کر کے ہسپتال پہنچایا گیا۔ برطانوی میڈیا نے حادثے میں اینڈریو فلنٹوف کے زخمی ہونے کی تصدیق کرتے ہوئے کہا ہے کہ سابق کرکٹر کی جان کو خطرہ نہیں، جلد تفصیلات سے آگاہ کیا جائے گا۔

## OFFICE OF THE MUNICIPAL CORPORATION RAWALPINDI

### TENDER NOTICE

Sealed tenders are hereby invited for following M&R Schemes for the year 2022-23 from the contractor / firms enlisted renewed with Municipal Corporation Rawalpindi or registered in any local Government Within the Rawalpindi Division for current financial year 2022-23.The Tender shall be issued during office time up to 10-01-2023 from the publication of tender notice in newspaper and shall be received up to 11-01-2023 at 01:00 PM and bids/Tenders will be open on the same day at 02:00 PM. Details of scheme can be found on **PPRA website i.e.** (www.ppra.punjab.gov.pk).

The detail of schemes is as under:-

| Sr. No | Name of scheme | Estimated Cost. | Bid Security @ 5% | Time Period | T.S.No |
|---|---|---|---|---|---|
| 1 | Rehabilitation of Graveyard, Janzagah and Residences of Graveyard Rakh Dhamial Rawalpindi (Additional Work) | 5.100 | 0.255 | As per Work Order | T.S/183-R&M 2022-23 Dated 26/11/2022 |

**Terms & Conditions:**

Terms & Conditions & further detail/query can be found from Head Clerk, Infrastructure Office, Municipal Corporation Rawalpindi during office hours and also on PPRA website i.e. (www.ppra.punjab.gov.pk).

IPL 13052

**Chief Officer, Municipal Corporation, Rawalpindi.**

# ملک پر مافیا قابض ہے حکومت کی کوئی چیز نہیں، مبارک آفتاب گل

## عوام امپورٹڈ حکومت کے سیاہ کارناموں اور لوٹ مار کرپشن کے خلاف متحد ہو کر میدان میں نکلنے کی تیاری کریں

## حکومت کے پاس عوامی فلاح کا کوئی ایجنڈا نہیں، توجہ لوٹ مار، اپنے کیسز ختم کرانے پر مرکوز ہے

لاہور (نمائندہ خصوصی) پاکستان تحریک انصاف اقلیتی ونگ کے مرکزی رہنما مبارک آفتاب گل نے کہا ہے کہ ملک پر مافیا قابض ہے حکومت نام کی کوئی چیز نہیں، حکومت کے پاس عوامی فلاح کا کوئی ایجنڈا نہیں ان کی توجہ لوٹ مار اور اپنے کیسز ختم کرانے پر مرکوز ہے، عام انتخابات میں پی ٹی آئی امیدوار بھاری اکثریت سے کامیابی حاصل کرینگے۔ اپنے جاری بیان میں انہوں نے کہا کہ امپورٹڈ حکمران اپنی اولادوں کے مستقبل کو بہتر سے بہتر بنانے کے لیے قوم و ملک کا سرمایہ لوٹ کر بیرون ملک لے جا رہے ہیں اور اپنے خلاف درج ہونے والے کرپشن کے مقدمات ختم کروانے میں مصروف ہیں جبکہ عوام دن بدن غربت کی لکیر سے بھی نیچے زندگیاں گزارنے پر مجبور ہو رہے ہیں کئی د (بقیہ نمبر 3 2)

## پاکستان اور آذربائیجان سماجی تحفظ کے شعبہ میں ایک دوسرے کی مدد کر سکتے ہیں، فیصل کریم کنڈی

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) وزیر مملکت فیصل کریم کنڈی نے کہا کہ پاکستان اور آذربائیجان سماجی تحفظ کے شعبہ جات میں ایک دوسرے کے تجربات سے مستفید ہو سکتے ہیں۔ یہ بات انہوں نے آذربائیجان کے سفیر خضر فرہادوف Khazar Farhadov اور ڈپٹی ہیڈ آف مشن تیمرلان خلیلوف Tamerlan (بقیہ نمبر 3 4)

## سانحہ آرمی پبلک سکول پشاور، شہداء کی آٹھویں برسی آج منائی جائیگی

مکوآنہ (نمائندہ عوامی للکار) سانحہ آرمی پبلک سکول پشاور۔ شہداء کی آٹھویں برسی (آج) 16 دسمبر کو منائی جائے گی۔ ملک بھر میں سیاسی و سماجی تنظیموں، سول سوسائٹی اور این جی اوز کے زیر اہتمام شہداء کیلئے قرآن خوانی، فاتحہ خوانی اور دعائیہ تقریبات کا اہتمام کیا جائے گا۔ فیصل آباد سمیت دیگر (بقیہ نمبر 3 6)

## سی پی او سید شہزاد ندیم بخاری کی ہدایت پر راولپنڈی پولیس کا مختلف علاقوں میں سرچ آپریشنز

راولپنڈی (نامہ نگار) سی پی او سید شہزاد ندیم بخاری کی ہدایت پر راولپنڈی پولیس کا مختلف علاقوں میں سرچ آپریشنز، سرچ آپریشنز میں گھروں، کرایہ داروں کے کرایہ داری کوائف، دکانوں اور افراد کی چیکنگ کی گئی۔ تفصیلات کے مطابق سی پی او سید شہزاد ندیم بخاری کی ہدایت پر راولپنڈی پولیس نے مختلف علاقوں میں سرچ آپریشنز کیے، سرچ آپریشنز میں 166 گھروں، 14 کرایہ داروں کے کرایہ داری کوائف، 25 دکانوں اور مجموعی طور پر 353 افراد (بقیہ نمبر 3 9)

## نجی تعلیمی اداروں کے رجسٹریشن کیسز کے فیصلے جلد سے جلد کرنے کی کوشش کریں گے، شمس الرحمٰن

## سیکرٹری ایجوکیشن کی ہدایات کی روشنی میں نجی سکولوں کی رجسٹریشن کے عمل کو تیز کیا جا رہا ہے

راولپنڈی (عبدالرحمان سے) سٹرکٹ ایجوکیشن قاضی طارق محمود، ڈی ای او سیکنڈری شرافت علی بسرا، ڈی ای او ایلیمنٹری یسین خان بلوچ، ممبر ڈی آر اے ابرار احمد خان اور ملک اختر محمود نے شرکت (بقیہ نمبر 3 3)

ڈسٹرکٹ رجسٹریشن اتھارٹی راولپنڈی کا اجلاس ڈسٹرکٹ مانیٹرنگ آفیسر راولپنڈی شمس الرحمٰن کی زیر صدارت منعقدہ اجلاس

## سرگودھا، بھینس چوروں نے تعاقب پر فائرنگ کر کے محنت کش کو قتل کر دیا

## مقتول کی نعش تحویل میں لیکر پوسٹمارٹم کیلئے ہسپتال منتقل کر دی اور مصروف تفتیش ہے

سرگودھا (ظہور حسین بخاری سے) بھینس چوروں نے تعاقب پر فائرنگ کر کے محنت کش کو قتل کر دیا اور فرار ہو گئے پولیس نے مقتول کی نعش تحویل میں لیکر پوسٹمارٹم کے لئے ہسپتال منتقل کر دی اور مصروف تفتیش ہے۔ ذرائع کے مطابق ماموں کانجن کے چک 546 گ ب میں بھینس چوروں نے تعاقب کرنے پر فائرنگ کر کے محنت کش احمد کو قتل کر دیا اور فرار ہو گئے۔ پولیس تھانہ ماموں کانجن نے مقتول کی نعش تحویل میں لیکر پوسٹمارٹم کے لئے ہسپتال (بقیہ نمبر 3 7)

## راولپنڈی پولیس کا شراب سپلائرز کے خلاف موثر کریک ڈاؤن

## گرفتار ملزمان کو ٹھوس شواہد کے ساتھ چالان کر کے قرار واقعی سزا دلوائی جائے گی

راولپنڈی (نامہ نگار) راولپنڈی پولیس کا شراب سپلائرز کے خلاف موثر کریک ڈاؤن، 10 ملزمان گرفتار، 92 لیٹر اور 07 بوتل شراب برآمد، مقدمات درج۔ تفصیلات کے مطابق ریس کورس پولیس نے ملزم گل زمان سے 10 لیٹر شراب، ملزم راحیل سے 10 لیٹر شراب، ملزم آفاق سے 10 لیٹر شراب، سول لائنز پولیس نے ملزم احسان سے 05 لیٹر شراب، ٹیکسلا پولیس نے ملزم جمیل سے 30 لیٹر شراب، ملزم حماد رضا سے 05 بوتل شراب، ملزم احسان سے 02 بوتل شراب، گنجمنڈی پولیس نے ملزم ثاقب سے 10 لیٹر شراب، بنی پولیس نے ملزم عرفان سے 10 لیٹر شراب اور صادق آباد پولیس نے ملزم جنید سے 70 (بقیہ نمبر 3 8)

شراب سپلائرز راولپنڈی پولیس کی حراست میں

# انتخابات میں مزید تاخیر ملک و قوم کیلئے نقصان دہ ہو گی، ڈاکٹر شاہد صدیق

## ملک کی دو اسمبلیاں تحلیل ہونے سے وفاقی حکومت اپنا مینڈیٹ کھو دے گی، مرکزی رہنما پی ٹی آئی

## عوام کی اکثریت عمران خان کے ساتھ ہے اس لیے وفاقی حکومت انتخابات سے راہ فرار اختیار کر رہی ہے

لاہور (نمائندہ عوامی للکار) پاکستان تحریک انصاف کے مرکزی رہنما ڈاکٹر شاہد صدیق خان نے کہا ہے کہ انتخابات میں مزید تاخیر ملک و قوم کیلئے نقصان دہ ہو گی، وقت کا تقاضا ہے کہ پی ڈی ایم جماعتیں نئے انتخابات کی جانب بڑھیں اور فوری انتخابات کرائیں، ملک کی دو اسمبلیاں تحلیل ہونے سے وفاقی حکومت اپنا مینڈیٹ کھو دے گی۔ اپنے جاری بیان میں انہوں نے کہا کہ نئے انتخابات کے (بقیہ نمبر 4 6)

## رانسجینڈ رکی درخواست پر راولپنڈی پولیس کے تحفظ ٹرانسجینڈ رسینٹر کی کاروائی

## ٹرانسجینڈ رکو جان سے مارنے کی دھمکیاں دینے اور نازیبا گفتگو کرنے والا ملزم گرفتار

راولپنڈی (نامہ نگار) ٹرانسجینڈر کی درخواست پر راولپنڈی پولیس کے تحفظ ٹرانسجینڈر سینٹر کی کاروائی، ٹرانسجینڈ رکو جان سے مارنے کی دھمکیاں دینے اور نازیبا گفتگو کرنے والا ملزم گرفتار۔ تفصیلات کے مطابق متاثرہ ٹرانسجینڈ رنے تحفظ ٹرانسجینڈ ر رپورٹنگ سینٹر میں درخواست دی تھی، راولپنڈی پولیس تحفظ ٹرانسجینڈ رسینٹر کی وکٹم (بقیہ نمبر 3 1)

راولپنڈی: ٹرنجینڈ رکو جان سے مارنے کی دھمکیاں دینے اور نازیبا گفتگو کرنیوالا ملزم رتہ امرال پولیس کی حراست میں

## راولپنڈی پولیس کی ناجائز اسلحہ رکھنے والوں کے خلاف کاروائیاں، 04 ملزمان گرفتار

## ناجائز اسلحہ رکھنے والوں کے خلاف کریک ڈاؤن جاری رکھا جائے گا

راولپنڈی (نامہ نگار) راولپنڈی پولیس کی ناجائز اسلحہ رکھنے والوں کے خلاف کاروائیاں، 04 ملزمان گرفتار، اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد، مقدمات درج۔ تفصیلات کے مطابق ریس کورس پولیس نے کاروائی کرتے ہوئے ملزم عبدالرحمٰن کو گرفتار کر کے ملزم سے 01 پستول 30 بور معہ ایمونیشن برآمد کیا، واہ کینٹ پولیس نے کاروائی کرتے ہوئے ملزم ر (بقیہ نمبر 3 5)

راولپنڈی: سرچ آپریشنز کے دوران کوائف کا اندراج کرتے ہوئے

## فیصل آباد ڈویژن کی جیلوں میں اس وقت سزائے موت کے 302 قیدی پابند سلاسل ہیں

مکوآنہ (نمائندہ عوامی للکار) فیصل آباد ڈویژن کی جیلوں میں اس وقت سزائے موت کے 302 قیدی پابند سلاسل ہیں جبکہ دیگر قیدیوں کی تعداد بھی اصل گنجائش سے کہیں زیادہ ہے۔ ڈی آئی جی جیل خانہ جات فیصل آباد ریجن کے ترجمان نے بتایا کہ اس وقت فیصل آباد کی سینٹرل جیل میں (بقیہ نمبر 3 6)

## راولپنڈی پولیس کا منشیات فروشوں کے خلاف کریک ڈاؤن جاری

راولپنڈی (نامہ نگار) راولپنڈی پولیس کا منشیات فروشوں کے خلاف کریک ڈاؤن جاری، 07 ملزمان گرفتار، 06 کلو سے زائد چرس برآمد، مقدمات درج۔ تفصیلات کے مطابق ٹیکسلا پولیس نے ملزم شیر افضل سے 01 کلو 200 گرام چرس، ملزم عرفان اللہ سے 01 کلو 260 گرام چرس، مری پولیس نے ملزم زبیر سے 01 کلو 250 گرام چرس، پتریاٹہ پولیس نے ملزم (بقیہ نمبر 4 1)

## پولیس نے فحبہ خانے پر ریڈ کر کے چار مرد و خواتین کو گرفتار کر لیا

## پولیس نے چاروں کو گرفتار کر کے مقدمہ درج کر لیا

رائے ونڈ (این این آئی) پولیس نے فحبہ خانے پر ریڈ کر کے چار مرد و خواتین کو گرفتار کر لیا۔ برہنہ حالت میں کمروں میں پائے گئے۔ پولیس نے چاروں کو گرفتار کر کے مقدمہ درج کر لیا گیا ہیں۔

## سٹریٹ کرائم کی وارداتوں میں ملوث 03 ملزمان گرفتار

## شہریوں کی جان و مال کا تحفظ اولین ذمہ داری ہے جسے یقینی بنایا جا رہا ہے

راولپنڈی (نامہ نگار) دھمیال پولیس کی موثر کاروائی، سٹریٹ کرائم کی وارداتوں میں ملوث 03 ملزمان گرفتار، مسروقہ رقم 71 ہزار روپے، موٹر سائیکل اور وارداتوں میں استعمال ہونے والا اسلحہ برآمد۔ تفصیلات کے مطابق دھمیال پولیس نے کاروائی کرتے ہوئے سٹریٹ کرائم کی وارداتوں میں ملوث 03 ملزمان کو گرفتار کر لیا، گرفتار (بقیہ نمبر 2 6)

راولپنڈی: سٹریٹ کرائم کی وارداتوں میں ملوث ملزمان دھمیال پولیس کی حراست میں

## ٹیوٹا پنجاب گورنمنٹ کالج آف ٹیکنالوجی راولپنڈی میں جاب فیئر کا انعقاد

## ٹیکنیکل اور ووکیشنل اداروں کے انڈسٹری کے ساتھ روابط کو مزید بہتر بنائے جانے پر غور و فکر کرنے کی ضرورت ہے

راولپنڈی (نامہ نگار) ٹیوٹا پنجاب گورنمنٹ کالج آف ٹیکنالوجی راولپنڈی میں جاب فیئر کا انعقاد کیا گیا چیف آپریٹنگ آفیسر ٹیوٹا احمد خاور شہزاد نے باقاعدہ طور پر افتتاح کیا تقریب کا باقاعدہ آغاز کیا، ڈائریکٹر جنرل آپریشنز ٹیوٹا عامر عزیز، ایڈیشنل ڈائریکٹر جنرل معاذ سلیم، راولپنڈی چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے نمائندگان بھی موقع پر موجود تھے 35 سے زائد قومی اور بین الاقوامی کمپنیز اس جاب فیئر میں موجود تھی (بقیہ نمبر 6 0)

ٹیوٹا پنجاب گورنمنٹ کالج آف ٹیکنالوجی راولپنڈی میں جاب فیئر کا انعقاد کیا گیا

## راجووال، لاپتہ چار سالہ بچی کی تشدد زدہ لاش برآمد

راجووال (این این آئی) لاپتہ ہونے والی چار سالہ بچی کی لاش مل گئی، پولیس نے تحقیقات شروع کر دیں۔ تفصیلات کے مطابق نواحی گاؤں طاہر کلاں کے رہائشی محمد نواز کی چار سالہ بچی صفیہ بی بی گزشتہ روز کھیلتے ہوئے لاپتہ ہو گئی جس کی تلاش جاری تھی کہ ایک (بقیہ نمبر 5 9)

## مختلف موضوعات پر مبنی دو روزہ گوادر میری ٹائم سکیورٹی ورکشاپ اختتام پذیر

گوادر (نمائندہ عوامی للکار) گوادر پورٹ کے امکانات اور چیلنجز کے علاوہ سمندری مسائل، سماجی و اقتصادی زندگی اور قومی سلامتی پر اثرات کے موضوع پر 2 روزہ گوادر میری ٹائم سکیورٹی ورکشاپ اختتام پذیر ہو گئی۔ تمام سٹیک ہولڈرز نے گوادر اور گوادر بندرگاہ (بقیہ نمبر 5 6)

## عمران خان کے دور میں توشہ خانہ میں کلیئرنس سیل لگی ہوئی تھی، ارسلان حیات

## عمران خان بند گلی میں پھنس چکا ہے، فیس سیونگ مانگی جا رہی ہے، رہنما (ن) لیگ

لاہور (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے رہنما ارسلان حیات نے کہا ہے کہ عمران خان کے دور میں توشہ خانہ میں کلیئرنس سیل لگی ہوئی تھی اور حیرانی کی بات ہے کہ خریدار ایک ہی تھا، عمران نیازی ایک دن نیوٹرل کی ایک تشریح کرتا ہے اور دوسرے دن اپنے مطلب کیلئے مرضی کی تشریح پیش کر دی جاتی ہے، اندھی تقلید کرنے والے اس کے قول و فعل کا جائزہ لیں۔ اپنے بیان میں ارسلان حیات نے کہا کہ عمران خان اسمبلیاں تحلیل کرنے کی چال چلنے کا اعلان اسے اس کا آئین و قانون کے دائرے میں رہتے ہوئے بھرپور جواب دیا جائے گا۔ عمران خان عجلت میں کئے گئے اعلانات کی وجہ سے بند گلی میں پھنس (بقیہ نمبر 5 8)

## فیصل آباد: ایف آئی سی ہسپتال سے فرار ہونے والا ملزم گرفتار کر لیا گیا

## ایس ایچ او ملت ٹاؤن رانا مغفور نے اپنی ٹیم کے ہمراہ فرار ملزم کو گرفتار کیا

مکوآنہ (نمائندہ عوامی للکار) فیصل آباد: ایف آئی سی ہسپتال سے ملزم کے فرار ہونے کا معاملہ سٹی پولیس نے فرار ملزم کو جدید ٹیکنالوجی اور بہترین حکمت عملی سے قلیل عرصہ میں گرفتار کر لیا۔ سٹی پولیس کی جانب سے فرار ملزم کی گرفتاری کے لیے متعدد شہروں میں چھاپے مارے گئے۔ ایس ایچ او ملت ٹاؤن رانا مغفور نے اپنی ٹیم کے ہمراہ فرار ملزم کو گرفتار کیا۔ (بقیہ نمبر 5 7)

اسلام آباد: مزدور یونین سی بی اے کمیٹی ڈائریکٹوریٹ کے زیر اہتمام تقریب میں پاکستان ورکرز فیڈریشن کے سیکرٹری جنرل

# کرسمس امن بھائی چارے اور محبت کا پیغام دیتا ہے، عامر عباس خان

## سی ڈی اے ملازمین کے پلاٹوں کی الاٹمنٹ اور بچوں کی بھرتی اولین ترجیح ہے، چوہدری محمد یٰسین

## سینی ٹیشن ڈائریکٹوریٹ میں کرسمس کی تقریب، سینکڑوں مرد و خواتین ملازمین کی شرکت

اسلام آباد (نامہ نگار) سی ڈی اے مزدور یونین سی بی اے کمیٹی سینی ٹیشن ڈائریکٹوریٹ کے زیر اہتمام کرسمس کا کیک کاٹنے کی تقریب G - 6 میں منعقد ہوئی، تقریب میں پاکستان ورکرز فیڈریشن کے سیکرٹری جنرل اور قائد مزدور یونین چوہدری محمد یٰسین، ممبر ایڈمنسٹریشن عامر عباس خان، سی ڈی اے افسران ڈائریکٹر ایڈمن فیاض احمد وٹو، ڈائریکٹر اکاؤنٹس میاں طارق لطیف، ڈپٹی ڈائریکٹر علی مرتضیٰ بخاری، اسسٹنٹ ڈائریکٹر سید محسن شیرازی، مزدور یونین کے صدر اورنگزیب خان، چیئرمین راجہ شاکر زمان کیانی، حاجی راجہ صابر علی اصغر مانی بٹ، وارث دلیپ، راجہ محمد رفیق، طارق شریف، نشاط اکبر تی، وارث بھٹی، اشفاق گجر، فاروق نور، رانا ندیم تشکیل جاوید بھٹی (بقیہ نمبر 5 5)

## کاموں کے، وزٹ فیس مانگنے پر پروفیسر نے محنت کش کو تشدد کا نشانہ بنا ڈالا

کاموں کے (این این آئی) وزٹ فیس مانگنے پر پروفیسر نے محنت کش کو تشدد کا نشانہ بنا ڈالا۔ بتایا گیا ہے کہ کاموں کے گاؤں ہرپوکی کے رہائشی محمد الیا (بقیہ نمبر 5 3)

## فی کلو برائلر گوشت کی قیمت میں 15 روپے اضافہ، فارمی انڈے 7 روپے سستے

لاہور (این این آئی) شہر میں پرچون سطح پر فی کلو برائلر گوشت کی قیمت 15 روپے اضافے سے 411 روپے، زندہ برائلر مرغی کی قیمت 10 روپے اضافے سے 274 روپے فی کلو جبکہ فارمی انڈوں کی قیمت مزید 7 روپے کمی سے 260 روپے فی درجن کی سطح پر رہی۔

## بچوں کو تعلیم کے ساتھ کھیلوں میں بھی حصہ لینا چاہئے، ماہر تعلیم شہزاد احمد

شکر گڑھ (این این آئی) کھیل مثبت رویوں کو فروغ دیتے ہیں۔ ایسی سرگرمیاں طلباء کو جسمانی طور پر تندرست رکھنے میں معاون ثابت ہوں گی۔ ان خیالات کا اظہار ماہر تعلیم اے ای او مرکز شاہ غریب شہزاد احمد نے ایک تقریب سے کرتے کہا کہ بچے ملک و قوم کا سرمایہ ہیں۔ ان کی تعلیم و تربیت کے ساتھ صحت مندانہ سرگرمیوں میں شرکت انہیں مفید شہری بنانے میں اہم کردار کرتی ہیں۔ انہوں (بقیہ نمبر 5 0)

## ریلوے کے آفیسرز سیلونوں کے کرایوں میں 10 فیصد اضافہ

## مختلف سیلونوں میں مقررہ کردہ تعداد کے افراد ہی سفر کر سکتے ہیں، ریلوے حکام

لاہور (نمائندہ عوامی للکار) پاکستان ریلوے حکام نے آفیسرز سیلونوں کے کرایوں میں 10 فیصد اضافہ کر دیا جس کا اطلاق بھی کر دیا گیا۔ نوٹیفکیشن کے مطابق ملک بھر کے تمام ڈویژنل کمرشل آفیسرز بڑھائے گے کرایوں میں اضافے کے مطابق ہی کرایہ وصول کرنے کے پابند ہونگے جبکہ مختلف سیکشنوں پر کرایہ پر لی جانے والی سیلون کا کرایہ مختلف ہوگا۔ ریلوے کے مالی خسارے کی وجہ سے ریلوے آفیسر سیلونوں کو عام افراد کو کرایہ پر دینے کا فیصلہ کیا ہوا ہے، ان سیلونوں میں بڑی چھوٹی سیلون تمام شامل ہیں۔ ریلوے (بقیہ نمبر 4 2)

## فیصل آباد، شہر اور گردونواح میں سوئی گیس کی غیر اعلانیہ بندش

## مزدوروں اور محنت کش طبقہ کے گھروں میں ایک وقت کا کھانا بھی بمشکل میسر ہو رہا ہے

مکوآنہ (نمائندہ عوامی للکار) فیصل آباد شہر اور گردونواح میں سوئی گیس کی غیر اعلانیہ بندش اور کم پریشر کے باعث شہریوں کو شدید پریشانی کا سامنا ہے تفصیلات کے مطابق موسم سرما کے رنگ جماتے ہی فیصل آباد اور گردونواح میں سوئی گیس کی غیر اعلانیہ بندش کا سلسلہ بڑھ گیا ہے جبکہ سوئی گیس کے کم پریشر کی شکایات میں بھی اضافہ ہو چکا ہے۔ مدن پورہ، غلام محمد آباد، رضا آباد لیاقت ٹاؤن، کوثر آباد، پیپلز کالونی ٹو والفقار کالونی ٹو ڈی ٹائپ کالونی ٹو ایوب کالونی ٹو پرتاب نگر ٹو ناظم آباد ٹو کہکشاں کالونی ٹو طارق آباد ٹو نکہبان پورہ ٹو حسن پورہ ٹو مدینہ (بقیہ نمبر 4 3)

## نصیر آباد پولیس اور محکمہ فوڈ کی مشترکہ کاروائی، آٹے سے لدی گاڑی سمگل کرنے کی کوشش ناکام

راولپنڈی (نامہ نگار) نصیر آباد پولیس اور محکمہ فوڈ کی مشترکہ کاروائی، آٹے سے لدی گاڑی سمگل کرنے کی کوشش ناکام، 90 تھیلے آٹا برآمد۔ تفصیلات کے مطابق نصیر آباد پولیس اور محکمہ فوڈ نے مشترکہ کاروائی کرتے ہوئے آٹے سے لدی گاڑی سمگل کرنے کی کوشش ناکام بنا دی، ڈرائیور شمس الرحمٰن کو گرفتار کر کے 90 تھیلے آٹا برآمد کیا گیا، ایس (بقیہ نمبر 4 0)

## سی پی او اور اوپی راولپنڈی سید شہزاد ندیم بخاری کی ہدایت پر راولپنڈی پولیس کا پیشہ ور بھکاریوں کے خلاف کریک ڈاؤن جاری

راولپنڈی (نامہ نگار) سی پی او راولپنڈی سید شہزاد ندیم بخاری کی ہدایت پر راولپنڈی پولیس کا پیشہ ور بھکاریوں کے خلاف کریک ڈاؤن جاری، 31 بھکاری گرفتار، پیشہ ور بھکاری نا صرف مختلف شاہراہوں اور چوک چوراہوں پر کھڑے ہو کر ٹریفک کی روانی کو متاثر کرتے ہیں بلکہ حادثات کا بھی باعث (بقیہ نمبر 4 1)

# آسمان

عامر محمود
0311-5185882
فیاض احمد
0300-7817756

## ووڈ ورکس اینڈ فرنیچر ہاؤس

ہمارے ہاں، کھڑکیاں،، دروازے، اٹالین کچن الماریاں، ریلنگ، پیلنگ، فرنیچر اور لکڑی کا ہر قسم کا کام انتہائی مناسب ریٹ پر کیا جاتا ہے

نیز کوٹھیوں، مکانوں اور آفس فینسی سے فینسی کام تسلی بخش کیا جاتا ہے

ایک بار وزٹ ضرور کروائیں

## فیصل آباد، گھریلو حالات سے تنگ آ کر شادی شدہ خاتون نے تیزاب پی کر خودکشی کر لی

مکوآنہ (این این آئی) فیصل آباد گھریلو حالات سے تنگ آ کر شادی شدہ خاتون نے تیزاب پی کر خودکشی کر لی ہسپتال انتظامیہ نے ضروری کارروائی کے بعد نعش ورثاء کے حوالے کر دی گئی بتایا جاتا ہے کہ ڈھڈی والا کے علاقہ 215 ر ب کی رہائشی 42 سالہ رابعہ زوجہ غفار کا کسی بات پر گھر والوں سے جھگڑا ہو گیا جس پر اس نے دلبر (بقیہ نمبر 4 5)

## آئیسکو ریجن میں بوجہ ضروری سسٹم مینٹیننس 16 اور 17 دسمبر 2022ء عارضی بجلی بندش کا شیڈول۔

اسلام آباد (نامہ نگار) اسلام آباد الیکٹرک سپلائی کمپنی (آئیسکو) کے ترجمان کی جانب سے جاری کردہ پریس ریلیز کے مطابق بوجہ ضروری سسٹم مینٹیننس / اوڈیلیپٹ ورکس آئیسکو ریجن کے اسلام آباد، راولپنڈی، اٹک، چکوال اور جہلم سرکلز کے مختلف علاقوں کو بجلی سپلائی کرنے والے فیڈرز پر درج ذیل شیڈول کے مطابق بجلی کی سپلائی عارضی طور پر معطل رہے گی۔ مورخہ 16 دسمبر صبح 08:00 بجے تا شام 04:00 بجے تک 132 KV گرڈ (بقیہ نمبر 4 6)

## سرگودھا، فائرنگ کے مختلف واقعات میں تین افراد کو قتل اور ایک نوجوان کو شدید زخمی کر دیا گیا

سرگودھا (ظہور حسین سے) فائرنگ کے مختلف واقعات میں تین افراد کو قتل اور ایک نوجوان کو شدید زخمی کر دیا گیا جن کو ہسپتال منتقل کر کے مقتولین کی نعشیں پوسٹمارٹم کے بعد ورثاء کے سپرد کر کے پولیس مقدمات (بقیہ نمبر 4 7)

## اے سی سیکرٹریٹ نے لیک ویو پارک کے مختلف سٹالز پر قیمتوں کی جانچ پڑتال

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) عوامی شکایات اور اعلیٰ حکام کی ہدایت پر اے سی سیکرٹریٹ نے لیک ویو پارک کے مختلف سٹالز پر قیمتوں کی جانچ پڑتال، پولی تھین بیگز کے غیر مجاز استعمال اور عمومی صفائی کا معائنہ کیا۔ خلاف ورزی کرنے والوں (بقیہ نمبر 4 8)

اے سی سیکرٹریٹ نے لیک ویو پارک کے مختلف سٹالز پر قیمتوں کی جانچ پڑتال، پولی تھین بیگز کے غیر مجاز استعمال اور عمومی صفائی کا معائنہ کیا

## ترجمان وزیر اعلیٰ پنجاب فیاض الحسن چوہان ہیورو چیف آن لائن نیوز اقبال ملک کے گھر گئے

## اللہ تعالیٰ مرحوم کی مغفرت فرمائے اور اہل خانہ کو صبر جمیل عطا فرمائے

راولپنڈی (نمائندہ عوامی للکار) ترجمان وزیر اعلیٰ پنجاب فیاض الحسن چوہان ہیورو چیف آن لائن نیوز اقبال ملک کے گھر گئے اور ان کے والد پروفیسر عبدالقیوم اعوان کی وفات پر تعزیت کا اظہار کیا اور مرحوم کے ایصال ثواب کے لئے فاتحہ خوانی اور مغفرت کی دعا کی۔ فیاض الحسن چوہان نے سوگواران خاندان سے اظہار ہمدردی کیا اور دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کی مغفرت فرمائے اور اہل خانہ کو صبر جمیل عطا فرمائے۔

## برطانیہ وومن ایمپاورمنٹ کیلئے ٹیکنیکل سپورٹ دینے کو تیار

## خواتین کو پاکستانی معیشت کے مرکزی دھارے کا حصہ بنایا جا سکے گا

مکوآنہ (این این آئی) برطانیہ وومن ایمپاورمنٹ کیلئے ٹیکنیکل سپورٹ دینے کو تیار ہے تاکہ خواتین کو پاکستانی معیشت کے مرکزی دھارے کا حصہ بنایا جا سکے۔ یہ بات اسلام آباد میں برطانوی ہائی کمیشن کے قونصلر اور گروپ ہیڈ برائے اکنامک اینڈ ٹریڈ مہیشور مشرا نے آج فیصل آباد چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے صدر ڈاکٹر خرم طارق (بقیہ نمبر 4 9)


A Name of Quality & Trust
HASSAN
Consultant
Architects & Engineers
The Best House for your Family

اپنے گھر، پلازہ، بلڈنگ دوکانات کے کمپیوٹرائزڈ نقشہ جات بنوانے کیلئے تشریف لائیں
M. Hassan Shahzad
Chief Executive Officer
0303-2167236
0311-8700236
Office: Patha mandi Chowk 14 Block sargodha.



ناصر CNG
اینڈ آٹو ورکشاپ
CNG اور آٹو پارٹس دستیاب ہیں
فری آئل چینج
مکینک: ناصر محمود
0332-5683901
0345-5259129
مکینک ظفر اقبال
0343-6818018



## ایڈیٹر انچیف۔۔ محمد فیصل ندیم

پبلشر علی رضا ملک نے نیو آرٹ مین پرنٹرز مری روڈ راولپنڈی سے چھپوا کر آفس نمبر 1 سٹی پلازہ متصل الہ دین فن ہاؤس سکستھ روڈ راولپنڈی سے شائع کیا۔

رابطہ۔ 0309-7900035